شمارہ نمبر 12
آپ کے جملہ مسائل کا حل صرف اور صرف "خزینہ روحانیات"
جلد نمبر 3
April - 2013
ماہنامہ
لاہور
خزینہ روحانیات
اسلامی تصوف، روحانی عملیاتی طبی نفسیاتی معاشرتی مضامین کا حامل مقبول میگزین
قیمت 70 روپے
شفائے جسمانی
امراض نمبر
اے شافی مطلق مجھے تو دستِ شفا دینا
جس کو میں دعا/ دوا دوں اس کو شفا دینا
بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ وَحَاسِدٍ اَللّٰهُ يَشْفِيكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيكَ ۝
رسول اکرم ﷺ ایک مرتبہ بیمار ہوئے تو حضرت جبریل امین نے یہ کلمات پڑھ کر دم کیا۔ میں اللہ کے نام سے تمہیں جھاڑتا اور دم کرتا ہوں ہر اس چیز سے جو تمہیں ایذا پہنچائے اور ہر نفس اور حاسد کے شر سے اللہ تم کو شفا دے۔ میں اللہ کے نام سے تمہیں جھاڑتا (دم کرتا ہوں) ہوں۔
بیماریوں کے فضائل اور ان کا شرعی علاج 13
سر سے پیر تک کی عام بیماریوں کے روحانی علاج 18
ہر مرض سے شفاء کے لئے خاص روحانی اعمال 61
کینسر، امراض دل وجگر و گردہ جیسے جان لیوا امراض کا علاج 71
بزرگان دین کے شفائے امراض کے مجربات 82
عاملین کاملین کے شفائے امراض کے مجربات 86
حروف سے شفا کا مخفی طریقہ 95
لوح خاص برائے شفائے امراض 101
تمام شرور و بیماریوں سے حفاظت کا خاص عمل 104
لڑکا یا لڑکی... انتخاب مرد کا یا عورت کا؟ 107
سخت ترین پریشانیوں اور مشکلات، ہمہ قسم کی بندش اور جادو جنات کے اثرات سے نجات، لاعلاج بیماریوں کے آزمودہ روحانی و جسمانی علاج کے لئے طبیب جسمانی و روحانی
"خالد مقبول صاحب" سے خصوصی ملاقات بروز منگل رابطہ کیجئے۔ 0321-4661681

قرشی
جوھر جوشاندہ
چاکلیٹ
فلیور
گرم دُودھ میں مِلا کر پیئں اور فلو، نزلہ
اور زکام سے محفوظ رہیں۔
WITH CHOCOLATE FLAVOUR
JOHAR® JOSHANDA
Certified by PCSIR Laboratories
Sehat Fit Maza Hit!

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

جلد 3 | جمادی الثانی ۱۴۳۴ھ......اپریل ۲۰۱۳ء | شمارہ 12

چیف ایڈیٹر: ابو نافع خالد مقبول عارف چشتی قادری شاذلی نقشبندی سہروردی

ایڈیٹر: مولانا علی آفاق 0321-4168008

سب ایڈیٹر: مولانا محمد عرفان 0321-4661681

مجلس مشاورت

- غلام سرور شباب صاحب (حویلی لکھا)
- امتیاز حسین سروری صاحب (کوئٹہ)
- غلام قادر بلوچ صاحب (کراچی)
- مولانا قاری ابوبکر صاحب (اسلام آباد)
- مولانا خالد صاحب (نارووال)
- سید عامر علوی صاحب (لاہور)
- محمد صالح صاحب (مظفر آباد)
- محمد علیم صاحب (لاہور)

ڈیزائننگ: خضر عباس | کمپوزنگ: سلمان حسین

سرکولیشن، اشتہارات و شکایات: 0322-4773786

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

فون: 042-35033371 موبائل: 0343-7772772

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا پہلا رسالہ جو ایک سال میں دو خاص نمبر شائع کرتا ہے

قیمت خاص نمبر -/70 روپے

سالانہ ممبر شپ......عام ڈاک -/500 روپے، رجسٹرڈ ڈاک -/740 روپے

ششماہی ممبر شپ......عام ڈاک -/250 روپے، رجسٹرڈ ڈاک -/370 روپے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: magazine@darulamal.org
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

رقم کی ادائیگی کے طریقے

منی آرڈر 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتے پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ اور موبائل نمبر لازمی منی آرڈر فارم پر لکھیں۔ اور مقصد بھی واضح لکھیں۔

ایزی پیسہ موبائل اکاؤنٹ اپنا شناختی کارڈ لے کر کسی بھی ایزی پیسہ دکان پر جا کر اکاؤنٹ نمبر 03437727721 میں رقم جمع کروائیں۔

شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں۔ (ٹیلی نار: ایزی پیسہ۔ موبی لنک: موبی کیش۔ زونگ: ٹائم پے)

بینک ڈپازٹ درج ذیل بینکس میں سے کسی میں جمع کروائیں۔

1. Meezan Bank (Branch Code: 0212)
Khalid Maqbool A/C # 0100377637

2. UBL Bank (Branch Code: 0347)
Khalid Maqbool A/C # 0037100265

ڈاکٹر خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

اسلامی مضامین

عملیاتی مضامین

طبی ومتفرق مضامین

توجہ فرمائیں

رسالے میں درج کسی بھی عمل یا روحانی علاج سے آپ کو فائدہ ہو تو لازمی اپنا تجربہ لکھ کر ارسال فرمائیں۔ یہ خاص نمبر اپنے عزیز و اقارب کو بھی دیں تاکہ وہ بھی روحانی فائدہ اٹھائیں۔ یہ آپ کے لئے صدقہ جاریہ ہوگا۔ نیز روحانی و جسمانی (طبی) علاج کے سلسلے میں اپنے، اپنے عزیز و اقارب اور دوستوں کے تجربے بھی ارسال فرما سکتے ہیں۔

رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مطب مبارک

ارشد فارانی

کیا مرتبہ ہے رحمت عالم ﷺ کے مطب کا
لے نام سنبھل کر کہ تقاضا ہے ادب کا
سب کے لئے رحمت ہے، مربی ہے وہ سب کا
نبیوں میں وہ چیدہ ہے، وہ محبوب ہے رب کا
سامان بقا سرور کونین ﷺ کی طب ہے
پیغام شفا رحمت دارین ﷺ کی طب ہے

انساں کو تکالیف کے چنگل سے چھڑائے
جسمانی و روحانی مرض دونوں مٹائے
صحت کے وہ اجڑے ہوئے گلشن کو سجائے
اور اس سے بشر از سرِ نو حوصلہ پائے
ہر دکھ کی دوا سرور کونین ﷺ کی طب ہے
پیغام شفا رحمت دارین ﷺ کی طب ہے

طب نبوی ﷺ نام ہے صحت کا، شفا کا
ہو جاتا علاج اس سے ہر ایک وبا کا
ہوتا ہے یہاں ساتھ دعا اور دوا کا
بڑھ جاتا ہے کچھ لطف وکرم اور خدا کا
انعام خدا سرور کونین ﷺ کی طب ہے
پیغام شفا رحمت دارین ﷺ کی طب ہے

مطلوب اگر تجھ کو ہے ہر درد کا درماں
ارشاد نبوت ﷺ پہ ہو کامل ترا ایماں
پروانہ صفت شمع رسالت ﷺ پہ ہو قرباں
سیرت نظر آئے تری اسلام کے شایاں
کیا روح فزا سرور کونین ﷺ کی طب ہے
پیغام شفا رحمت دارین ﷺ کی طب ہے

طب نبوی ﷺ صحت انساں کی محافظ
چین اور سکوں کے سر و ساماں کی محافظ
خیر اور ترقی کے ہر امکاں کی محافظ
لاریب ہے تسکین دل وجاں کی محافظ
اعجاز نما سرور کونین ﷺ کی طب ہے
پیغام شفا رحمت دارین ﷺ کی طب ہے

رہنے نہیں دیتی کوئی تکلیف بدن کی
کیا خوب نگہباں ہے یہ صحت کے چمن کی
صورت نظر آتی نہیں آلام ومحن کی
ارشدؔ ہے دل وجاں یہ مرے سارے سخن کی
قدرت کی عطا سرور کونین ﷺ کی طب ہے
پیغام شفا رحمت دارین ﷺ کی طب ہے

عوام اور خزینہ روحانیات کے ممبران کے لئے خوشخبری

دار العمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ کی طرف سے خزینہ روحانیات کے ممبران کو آٹھ اعمال سکھائے جا رہے تھے جن کی کوئی فیس نہیں لی جاتی۔ خزینہ روحانیات کے تین سال مکمل ہونے پر روحانی درسگاہ کی طرف سے نئے روحانی اعمال کے تحفے ممبران کو دیے جائیں گے اور ان کی بھی کوئی فیس نہیں لی جائے گی۔ نیز ایک سال سے زائد عرصہ والے ممبران کو مخصوص اعمال سکھائے جائیں گے، جو نئے ممبران کے لئے نہیں ہونگے۔

عوام (غیر ممبران) کے لئے یہ خوشخبری ہے کہ روحانی درسگاہ سے ان کو بھی بغیر کسی فیس کے چند اعمال سکھائے جائیں گے۔

مزید تفصیلات اگلے شمارے میں

اداریہ

خالد مقبول

الحمد للہ رب العلمین و الصلوٰۃ و السلام علی رسولہ الکریم و علی آلہ و اصحابہ اجمعین

سب سے پہلے تو اللہ ﷻ کا جتنا شکر ادا کیا جائے، کم ہے کہ اس نے توفیق دی کہ چار خاص نمبروں کے بعد، ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا پانچواں خاص نمبر "شفائے امراضِ جسمانی نمبر" آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ پہلے اس کا نام "شفائے امراض نمبر" رکھا گیا تھا۔ امراض چونکہ جسمانی کے ساتھ ساتھ روحانی بھی ہوتے ہیں، اس لئے فیصلہ کیا گیا کہ روحانی امراض پر کسی اور شمارے میں مضامین دئے جائیں، اس شمارے کو صرف جسمانی امراض کے ساتھ مخصوص کیا جائے کیونکہ جسمانی امراض کے روحانی علاج پر اتنا بڑا ذخیرہ موجود ہے کہ اگر اس طرح کے کئی نمبرز بھی نکالے جائیں تو کم ہیں۔

جیسا کہ ذکر کر چکا ہوں کہ جسمانی امراض کے روحانی علاج پر بہت بڑا ذخیرہ موجود ہے، اس لئے خاص نمبر میں روحانی علاج پر ہی زیادہ مواد دیا گیا ہے۔ جتنا ممکن ہوا، طبی مواد اور معلومات بھی ملیں گی۔ اور مرض، مریض اور شفاء کے بارے میں بھی مضامین رسالے میں دئے گئے ہیں تاکہ عوام کی معلومات میں بھی اضافہ ہو اور ان کے کام بھی آئے۔

جادو، جنات، شیاطین اور نظرِ بد وغیرہ...... امراض بنانے کی بہت بڑی وجوہات میں سے ہیں۔ اس کے لئے رسالے میں روحانی تشخیص پر مضمون دئے ہیں تاکہ ہر کوئی استفادہ کر سکے۔ البتہ جادو، جنات، شیاطین اور نظرِ بد وغیرہ کے علاج کے لئے رسالے میں گنجائش نہیں۔ جنات و شیاطین کے اثرات دور کرنے کے لئے "جنات نمبر" کا مطالعہ کریں۔ ہر قسم کے جادو سے نجات کے لئے "جادو ٹونہ نمبر" کا مطالعہ کریں۔ نظرِ بد سے نجات کے طریقے مارچ 2013 کے صفحہ 20 پر دئے گئے ہیں، وہاں سے دیکھ لیں۔

شفائے امراض کے لئے سب سے ضروری عقیدہ یہ ہے کہ بیماریاں اللہ ﷻ کی طرف سے ہی آتی ہیں اور وہی اور صرف وہی شفاء دیتا ہے۔ علاج کا طریقہ کوئی بھی ہو، انگریزی ہو یا دیسی ہو، طبی ہو یا روحانی ہو...... سب تدبیر کے درجہ میں آتے ہیں، اس سے زیادہ کچھ نہیں۔ تدبیر کرنا سنت ہے اور ہر انسان جو ممکن تدبیر اس سے ہو سکے، اسی کا مکلف ہے۔ پھر نتیجہ جو بھی اللہ ﷻ مرتب فرمائیں، اسی پر راضی رہنا ایک مومن اور ایک مسلمان کا شیوہ ہے۔ اگر نتیجہ ہمارے حق میں مرتب ہو تو شکر ادا کرنا ضروری ہے اور اگر حق میں نہیں تو صبر کرنا ضروری ہے۔ اس بات کو اچھی طرح سمجھیں کیونکہ بہت لوگوں کو اس بات کا صحیح ادراک نہیں۔ زبانی اقرار تو ہے مگر صحیح سمجھ نہیں۔ اوپر سے بلند و بانگ دعوے والے حضرات کی بھی کمی نہیں جو عمل بتاتے ہیں تو دعوے کے ساتھ کہ اس عمل کو پڑھنے سے شفاء لازمی ہوگی۔ یا جو نسخہ دیتے بتاتے ہیں یا لکھتے ہیں تو اتنی تعریفیں کہ اللہ کی پناہ۔ جب کہ نتیجہ تو اللہ ﷻ نے مرتب کرنا ہوتا ہے۔ وہ نہ چاہیں تو کچھ نہ ہو، چاہیں تو سب کچھ ہو۔

یاد رکھیں کہ اللہ ﷻ کی کسی صفت میں کسی جاندار یا بے جان چیز کو شریک کرنا ہی "شرک" ہے۔ مثلاً

❁ فلاں ڈاکٹر بہت اچھا ہے۔ جو بھی وہاں جائے ٹھیک ہو جاتا ہے۔ یا فلاں ڈاکٹر کے ہاتھ میں بڑی شفاء ہے۔ یہ شرکیہ جملہ ہے۔ صحیح جملہ یہ ہے کہ فلاں ڈاکٹر کے ہاتھ میں اللہ ﷻ نے بہت شفاء رکھی ہے۔

❁ "درد سر ہو رہا ہے۔ ڈسپرین کھا لو، ٹھیک ہو جائے گا۔" اب صاف ظاہر ہے کہ ڈسپرین کو شافی سمجھا جا رہا ہے جب کہ شافی تو اللہ ﷻ کی ذات ہے۔ صحیح جملہ یہ ہے کہ "ڈسپرین کھا لو، اللہ ﷻ شفا دیں گے۔"

اسی طرح روزمرہ بہت مثالیں مل جائیں گی۔ ایک آسان مثال سے سمجھاتا ہوں۔ ایک مریض نے دوائی کھائی۔ اب وہ دوا حلق میں اترنے سے قبل اللہ ﷻ سے پوچھتی ہے کہ "۱...... اس کو شفاء دوں؟ ۲...... اس کو کچھ نہ کروں؟ ۳...... اس کو الٹا اثر کر جاؤں؟" پھر جو اللہ ﷻ فیصلہ فرماتے ہیں، دوا وہی کرتی ہے۔ اسی مثال کو ہر تدبیر پر قیاس کر لیا جائے۔ ہر روحانی علاج کو بھی اسی پر قیاس کر لیا جائے۔ لہٰذہ ہمارا کام یہ ہے کہ ہم تدبیر کے بعد فوری طور پر اللہ ﷻ سے دعا کریں کہ "اے اللہ! میں یہ تدبیر کر سکتا تھا جو میں نے کر لی۔ اب اس تدبیر کا نتیجہ میرے حق میں مرتب فرما دے۔" اس طرح

رجوع الی اللہ انسان کو حاصل رہتا ہے۔ اور عقیدہ بھی مضبوط رہتا ہے کہ نتیجہ مرتب کرنے والی ذات صرف اور صرف اللہ ﷻ کی ہی ہے اور یہ دوا یا تعویز یا جو بھی تدبیر ہو، مجھے اُسی وقت فائدہ دے گی، جب اللہ ﷻ کی طرف سے منظوری ہوگی۔

اللہ ﷻ سے دعا ہے کہ وہ ہم سب کو صحیح عقیدہ و سمجھ عطا فرمائیں۔ اور تمام بیماریوں سے شفائے کاملہ و عاجلہ عطا فرمائیں اور تمام بیماریوں، خاص کر موذی اور مہلک امراض سے محفوظ فرمائیں۔ آمین یارب العٰلمین

اگلے نمبر کے لئے ہمیں بہت مشورے موصول ہوئے۔ کئی مختلف موضوعات پر کافی عرصہ سوچ بچار رہا۔ آخر کار سب سے زیادہ رائے یا ووٹ حب و تسخیر کو ہی ملے۔ اس لئے ان شاء اللہ اگلا خاص نمبر اکتوبر 2013 میں جو شائع ہوگا وہ "حُب و تسخیر نمبر" ہوگا۔ قارئین، مصنفین اپنے تجربات جلد ارسال کرنا شروع کردیں کیونکہ نمبر کی تیاری جلدی کی جائے گی تاکہ عین وقت پر کافی کام ہو چکا ہو۔ پھر بعد میں بھیجے گئے یا عین وقت پر بھیجے گئے مضمون نہ لگ سکے تو ہم معذرت خواہ ہونگے۔

خاص بات یہ کہ جو بھی افراد رسالے کے مضمون ارسال کریں، وہ اپنے تجربہ شدہ اعمال ارسال کیا کریں، کتابی نہیں۔ اور اگر کتابی اعمال ارسال کرنا ہو تو مکمل حوالہ دینا ضروری ہے۔ بہت سے مضامین ہم نہیں چھاپتے کہ لوگ کتاب سے نقل کرکے بھیج دیتے ہیں اور جو غلطی کتاب میں ہو، وہ ٹھیک نہیں کرتے۔

آخر میں یہ گذارش ہے کہ جو جو افراد رسالے میں درج اعمال سے استفادہ کریں، وہ اپنے تجربات ضرور لکھ کر ارسال کیا کریں یا پھر بذریعہ sms یا email بتادیں۔ ورنہ فون پر بتادیا کریں۔ اس سے دوسروں کا بھی بہت فائدہ ہوتا ہے۔

تمام قارئین سے خصوصی دعاؤں کی گذارش بھی ہے کہ ہمارے رسالے کو اللہ ﷻ ہمہ قسم کی نظرِ بد سے بچائے اور اس کو ترقی عطا فرمائے تاکہ ہم مفید سے مفید مضامین و مخفی علوم آپ لوگوں تک پہنچا سکیں۔ آمین

ماہنامہ خزینہ روحانیات کی ایجنسیز کی تفصیل

۱. اختر بک سٹال: چیمہ کلینک نڑوالہ چوک فیصل آباد۔ 0313-7091558
۲. الفتح نیوز ایجنسی: دکان نمبر 106، مہران مرکز سکھر۔ 0300-9313528
۳. المدینہ بک ڈپو: تحصیل بازار بہاولنگر۔ 0333-6320766
۴. اطلس نیوز ایجنسی: پشاور۔ 0314-9007293, 091-2573666
۵. الہلال بک ڈپو: ریل بازار، عارف والا۔ 0457-832899
۶. بابر نیوز ایجنسی: نیا اڈہ لاریاں شورکوٹ۔ 0301-7699445
۷. چوہدری امانت علی اینڈ سنز: ریلوے روڈ رحیم یار خان۔ 068-5879191
۸. چوہدری نیوز ایجنسی: زنانہ ہسپتال روڈ بہاولپور۔ 0300-9683501
۹. کمبائنڈ نیوز ایجنسی: راولپنڈی۔ 051-5505194
۱۰. عامر توnسوی بک ڈپو: میزان چوک، کوئٹہ۔ 0345-8312362
۱۱. گلستان نیوز ایجنسی: کراچی۔ 0300-2680248
۱۲. دولت خان نیوز ایجنسی: چشتیاں۔ 063-2502294
۱۳. ہلال بک ڈپو: علامہ اقبال چوک، سیالکوٹ۔ 0321-7120318
۱۴. اقبال نعمانی بک سنٹر: صدر، کراچی۔ 0332-2177934
۱۵. مقبول اعظم کتب خانہ: اُردو بازار، اٹک۔ 057-2613289
۱۶. طیبہ بک ڈپو: سپلائی بازار، ایبٹ آباد۔ 0331-9381998
۱۷. رحمان نیوز ایجنسی: گوجرانوالہ۔ 0300-6422516
۱۸. سلطان نیوز ایجنسی: اخبار مارکیٹ لاہور۔ 0423-7249813
۱۹. طاہر نیوز ایجنسی: عارف بازار، بورے والا۔ 0331-8857137
۲۰. طاہر نیوز ایجنسی: خانیوال۔ 065-2552675
۲۱. تنولی نیوز ایجنسی: کشمیر روڈ مانسہرہ۔ 0344-9580095
۲۲. بخاری نیوز ایجنسی: احمد پور شرقیہ۔ 0302-7768638
۲۳. الکریم نیوز ایجنسی: 92۔ کچہرہ بازار اوکاڑہ۔ 0345-7526419
۲۴. چوہدری نیوز ایجنسی: ریلوے روڈ صادق آباد۔ 0333-7452600
۲۵. وقاص نیوز ایجنسی: لاری اڈہ حاصل پور۔ 0306-5507693
۲۶. شیخ محمد حسین نیوز ایجنسی: فوارہ چوک جھنگ صدر۔ 0477-626420
۲۷. زمیندار نیوز ایجنسی: جناح روڈ ساہیوال۔ 0344-6804050

میں تیرا علاج ہوں!

ڈاکٹر غلام مرتضیٰ شہید رحمۃ اللہ علیہ

جسمانی اور روحانی بیماروں...... پریشان حال لوگوں کے لئے ڈاکٹر غلام مرتضیٰ کا تجویز کردہ بے مثال مجرب نسخہ......اللہ گواہ ہے...... جو بھی آزمائے نجات پائے گا۔

ڈاکٹر غلام مرتضیٰ شہید رحمۃ اللہ علیہ اپنا ایک واقعہ سناتے ہیں: میں سعودی عرب میں پڑھاتا تھا تو اس دوران بی اے کا ایک عرب طالب علم آیا، اس کی آنکھوں میں آنسو تھے، کہنے لگا کہ اتنی شدید پریشانیوں میں مبتلا ہوں کہ زندگی سے بیزار ہو چکا ہوں، آپ سے اللہ کے لئے محبت ہے اور جو کچھ میں آپ کو بتا سکتا ہوں کسی اور کو نہیں بتا سکتا، آپ میرے لئے کچھ تجویز کریں۔ کوئی وظیفہ یا دعا فرمائیں، اس نے اپنی پریشانی بتائی۔ میں نے جب اس کی محبت اور لجاجت بھری کیفیت دیکھی تو میں نے کہا کہ ابھی ابھی اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں ایک بات ڈالی ہے، میری بات کو غور سے سننا اور اس پر عمل بھی کرنا، تمہیں جو بھی پریشانی ہے اور جس عذاب سے تم گزر رہے ہو، تمہیں اس میں نجات کا راستہ مل جائے گا۔ میں نے اسے بتایا کہ تم عرب ہونے کے ناطے عربی سے تو واقف ہو، ایسا کرو کہ قرآن کی ابتداء سے تلاوت شروع کردو، لیکن آنکھیں اور دل کے دروازے کھول کر پڑھنا۔

پڑھتے پڑھتے تمہارے سامنے ایک آیت آجائے گی اور یہ آیت تمہیں خود بتائے گی کہ میں تیرا علاج ہوں، اس آیت کو بار بار پڑھتے رہنا، جب طبیعت سیر ہو جائے تو پھر آگے تلاوت کرتے چلے جانا، پھر ایک آیت آئے گی جو تم کو خود سے ہم کلام ہوتی ہوئی محسوس ہوگی، خود تمہیں پکارے گی کہ مجھے پڑھو میں تیرا علاج ہوں، اس آیت کو بار بار پڑھنا۔

تمہیں کسی سے پوچھنے کی قطعاً حاجت نہیں ہوگی۔ خود وہ آیت تمہیں کہے گی کہ مجھے بار بار پڑھو تم وہاں رک کر کثرت سے اس کی تلاوت کرنا بار بار دل کی گہرائی سے محبت اور تڑپ سے پڑھنا اور جب طبیعت میں ٹھنڈک محسوس ہونے لگے، تو آگے چل دینا اور یونہی چلتے چلتے قرآن مجید مکمل کر لینا، اس کے بعد مجھے ملنا۔

وہ طالب علم یہ عمل کرنے کے بعد میرے پاس آیا اور کہنے لگا کہ اگر مجھے ڈر نہ ہوتا کہ آپ مجھے تھپڑ ماریں گے تو میں آپ کے پاؤں چوم لیتا، میرے گھر کے اندر علاج موجود تھا اور مجھے علم ہی نہیں تھا، کہنے لگا کہ تمام مسائل حل ہو گئے ہیں اور اب میں ان شاء اللہ قرآن کو یونہی پڑھتا رہوں گا، مفہوم جاننے کے بعد اس نے قرآن کو آنکھیں کھول کر پڑھا، ایک ایک آیت کو ٹھہر ٹھہر کر اور سمجھ سمجھ کر پڑھا تو اس کے سارے مسائل حل ہو گئے، کہنے لگا مجھے معلوم ہوا کہ قرآن مجید کی یہ آیات اللہ تبارک وتعالیٰ کے پیغامات ہیں، یہ اللہ کی ٹیلی گرامز ہیں، اس عمل کے بغیر شاید تلاوت کا ثواب حاصل ہو جاتا ہے، لیکن مقصد فوت ہو جاتا ہے، ہماری بدنصیبی ہے کہ امت مسلمہ میں ہزار میں بمشکل ایک شخص ایسا ملتا ہے، جس نے قرآن مجید کو ایک مرتبہ سمجھ کر پڑھا ہو، گویا ایک فی ہزار لوگ بھی ایسے نہیں ہیں، جنہوں نے قرآن مجید کو بحیثیت کلام ربی کے وصول کیا ہو، سمجھا ہو اور قبول کیا ہو!

کہنے کو ہم سب مسلمان ہیں، اس لئے کہ ہم کلمہ گو ہیں، ہم نے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا اقرار کیا ہوا ہے اور یہ حدیث بھی پڑھ رکھی ہے:

مَنْ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ۔

''جس نے اس کلمہ کا اقرار کیا وہ جنت میں داخل ہو گیا''۔

یہ تو بالکل ایسے ہی ہے جیسے کسی شخص کا نکاح ہو جائے اور وہ یہ سمجھے کہ اب میرا گھر آباد ہو گیا اور مجھ پر کوئی ذمہ داری نہیں، حالانکہ نکاح ہونے سے ذمہ داری ختم نہیں ہوتی، بلکہ ذمہ داریوں کی ابتداء ہوتی ہے، کلمہ پڑھنے سے ہم اسلام میں داخل ہو گئے، اسلام سے ہمارا نکاح ہو گیا۔

جب میں یہ کہتا ہوں کہ میں مسلمان ہوں تو مجھ پر لرزہ طاری ہو جاتا ہے، کیونکہ میں جانتا ہوں کہ کلمہ طیبہ کا اقرار حقیقتاً کتنا مشکل ہے، کلمہ طیبہ دراصل ایک عہد ہے، قول وقرار ہے جو ہم اللہ تعالیٰ سے کرتے ہیں، قرآن مجید سے دوری کے بے شمار اسباب ہیں، جن میں ایک غلط فہمی تو یہ پھیلا دی گئی ہے کہ عربی زبان کی تعلیم میں انتہائی مار پیٹ کا سہارا لیا جاتا ہے کہ ہر حساس اور ذہین طالب علم چند ہی روز کے بعد عربی زبان پڑھنے اور (بقیہ ص 69)

بہادر وہ نہیں جو کسی کو پچھاڑ دے، بہادر وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے اوپر قابو رکھے

عیادت مریض کے آداب و فضائل

مولانا محمد عبدالرحمٰن حفظہ اللہ

حدیث پاک: عَنْ ثَوْبَانَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُسْلِمَ اِذَا عَادَ اَخَاہُ الْمُسْلِمَ لَمْ یَزَلْ فِیْ خِرْفَۃِ الْجَنَّۃِ حَتّٰی یَرْجِعَ۔

ترجمہ ''جب ایک مسلمان دوسرے مسلمان بھائی کی عیادت کرتا ہے تو وہ جنت کے پھل حاصل کرتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ واپس لوٹ آئے''۔

حضرت علیؓ سے روایت ہے فرماتے ہیں: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَامِنْ مُّسْلِمٍ یَعُوْدُ مُسْلِمًا غُدْوَۃً اِلَّا صَلّٰی عَلَیْہِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَکٍ حَتّٰی یُمْسِیَ وَاِنْ عَادَہٗ عَشِیَّۃً اِلَّا صَلّٰی عَلَیْہِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَکٍ حَتّٰی یُصْبِحَ وَکَانَ لَہٗ خَرِیْفٌ

ترجمہ ''جب کوئی مسلمان صبح کے وقت اپنے مسلمان بھائی کی عیادت کرتا ہے۔ ستر ہزار فرشتے شام تک اس کے لئے رحمت کی دعا کرتے رہتے ہیں اور اگر شام کے وقت عیادت کرے تو صبح تک ستر ہزار فرشتے اس کے لئے رحمت کی دعائیں کرتے رہتے ہیں اور اس شخص کے لئے جنت میں ایک باغ بھی ہوگا''۔ (ابوداؤد، ترمذی)

حدیث پاک: ''جس نے اچھے طریقے سے وضو کیا اور ثواب کی نیت سے اپنے مسلمان بھائی کی بیمار پرسی کی، ساٹھ سال کی مسافت تک اسے دوزخ سے دور کر دیا جائے گا''۔ (ابوداؤد)

حدیث پاک: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے حضور ﷺ نے فرمایا: ''جب کوئی کسی مریض کی عیادت کرتا ہے تو آسمان سے (ایک فرشتہ) ندا کرتا ہے۔ تو خود بھی اور تیرا چلنا بھی پاکیزہ ہوگیا۔ نیز تو نے جنت میں اپنا گھر بنالیا ہے''۔ (ابن ماجہ)

حدیث پاک: حضرت جابرؓ سے روایت ہے حضور ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص مریض کی عیادت کرتا ہے (جب وہ اپنے گھر سے نکلتا ہے تو اللہ کی) رحمت میں داخل ہوجاتا ہے اور جب وہ مریض کے پاس بیٹھ جاتا ہے تو رحمت الٰہی اسے ڈھانپ لیتی ہے''۔ (احمد، حاکم، بزار)

ان احادیث مبارکہ سے معلوم ہوا کہ جو شخص مریض کی عیادت کرتا ہے اجر عظیم کمالیتا ہے۔ ثواب عظیم کا حقدار بن جاتا ہے۔ رحمت الٰہی میں چھپ کر غوطہ زنی کرتا ہے۔ جنت میں گھر بنالیتا ہے۔ دوزخ سے ساٹھ سال کی راہ تک دور ہوجاتا ہے۔ جنتی پھل چنتا رہتا ہے یہاں تک کہ مریض سے رخصت ہوجائے۔ پس کسی مسلمان کو بھی سستی کی وجہ سے مسلمان کی عیادت سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔

عیادت کی تاکید

حضرت ابوموسیٰؓ سے روایت ہے حضور ﷺ نے فرمایا:

اَطْعِمُوا الْجَائِعَ وَعُوْدُوا الْمَرِیْضَ وَفُکُّوا الْعَانِیَ۔ (بخاری)

''بھوکے کو کھانا کھلایا کرو۔ مریض کی عیادت کیا کرو اور قیدی کو رہا کرایا کرو''

حدیث پاک: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے حضور ﷺ نے فرمایا: ''ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر پانچ حق ہیں۔ سلام کا جواب دینا۔ مریض کی عیادت کرنا۔ جنازہ پڑھنا۔ دعوت قبول کرنا۔ چھینک آنے پر جواب دینا''۔ (بخاری و مسلم)

حضرت ابوہریرہؓ سے ہی مروی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ''ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حق ہیں''۔ عرض کیا گیا یارسول اللہ ﷺ وہ کون سے حق ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا ''ملاقات کے وقت سلام کرنا۔ مسلمان کی دعوت قبول کرنا۔ اگر کوئی مشورہ طلب کرے تو اچھی نصیحت کرنا۔ چھینک آنے پر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہنے والے کے جواب میں یَرْحَمُکَ اللّٰہُ کہنا۔ بیمار کی عیادت کرنا۔ مسلمان کے فوت ہوجانے پر اس کا جنازہ پڑھنا''۔ (مسلم)

حضرت براء بن عازبؓ سے مروی ہے حضور ﷺ نے ہمیں سات کاموں کا حکم دیا اور سات کاموں سے منع فرمایا۔ ''جنازے کے پیچھلے چلنے، مریض کی عیادت کرنے، دعوت قبول کرنے، مظلوم کی مدد کرنے، قسم اٹھانے والے کی قسم کے پورا کرنے میں تعاون کرنے، سلام اور چھینک کا

جواب دینے کا حکم دیا۔ چاندی کے برتن، سونے کی انگوٹھی، ریشم، دیباج قسی اوراستبرق سے منع فرمایا ہے‘‘۔ (بخاری)

ان احادیث سے عیادت کی تاکید معلوم ہوتی کہ بلاشبہ بیمار پرسی واجب ہے۔ کیونکہ ان احادیث کے بیان کیلئے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ’’وجوب عیادۃ المریض ‘‘نامی باب ذکر کیا ہے اور اس باب میں حضرت ابوموسیٰؓ اور براء بن عازبؓ کی احادیث ذکر کی ہیں۔

حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ ابن بطال سے نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں یہ بھی ہوسکتا ہے کہ وجوب کا حکم ’’کفایت‘‘ کے معنی میں ہو جس طرح بھوکے کو کھانا کھلانا اور قیدی کو آزاد کرانا اور یہ بھی احتمال ہوسکتا ہے کہ باہمی الفت ومحبت کے لئے یہ حکم مندوب ہو۔ جمہور کا موقف یہی ہے کہ عیادت کا اصل حکم تو مستحب ہے۔ ہاں بعض کے لئے واجب کے قریب پہنچ جاتا ہے۔ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے عدم وجوب پر اجماع نقل کیا ہے۔

فائدہ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی ’’عودوا المریض ‘‘سے معلوم ہورہا ہے کہ عیادت مریض کے لئے وقت کی کوئی قید نہیں۔ جمہور علما کی رائے ہے کہ جونہی کوئی بیمار ہو اس کی عیادت کی جاسکتی ہے۔

عیادت نہ کرنے والے کی مذمت

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ’’قیامت کے دن اللہ تعالیٰ فرمائے گا اے آدم کے بیٹے! میں بیمار تھا تو نے میری عیادت نہ کی۔ بندہ عرض کرے گا میں کیسے تیری عیادت کرتا حالانکہ تو رب العالمین ہے (بیماری سے پاک ہے)۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا تمہیں پتہ نہیں تھا کہ میرا فلاں بندہ بیمار تھا اگر تو اس کی مزاج پرسی کرتا تو مجھے اس کے پاس موجود پاتا۔ اے ابن آدم! میں نے تجھ سے کھانا طلب کیا تو نے مجھے کھانا نہ کھلایا۔ وہ عرض کرے گا میں کیسے آپ کو کھانا کھلاتا حالانکہ تو رب العالمین ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا تمہیں معلوم نہیں تھا کہ میرے فلاں بندے نے تم سے کھانا مانگا تھا لیکن تو نے انکار کردیا تھا، تمہیں معلوم ہونا چاہیے تھا کہ اگر تو اسے کھلا دیتا تو اس کا اجر میری بارگاہ سے حاصل کرلیتا۔ اے ابن آدم! میں نے تجھ سے پانی مانگا تھا لیکن تو نے مجھے نہ پلایا۔ بندہ کہے گا میں تمہیں کیسے پانی پلاتا حالانکہ تو رب العالمین ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا میرے فلاں بندے نے تم سے پانی مانگا تھا تو نے اسے پانی نہیں دیا تھا۔ کیا تمہیں معلوم نہیں اگر اسے پانی پلادیتے تو میری بارگاہ سے اس کا اجر حاصل کرلیتے‘‘۔ (رواہ مسلم)

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ کھانا کھلانا، پانی پلانا اور عیادت کرنا یہ ایسے اعمال ہیں جن کے ترک کرنے پر قیامت کے دن اللہ تعالیٰ بندے کو ملامت فرمائے گا بندے کو زیبا نہیں کہ ان اعمال میں سستی کرے۔

نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کائنات کی کلیات وجزئیات کو جانتا ہے۔ اس سلسلے میں فلاسفہ کا موقف درست نہیں۔

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث پاک کی شرح میں فرماتے ہیں۔ یہاں اللہ تعالیٰ نے بندے کی غایت کا درجہ عظمت ظاہر کرنے کے لئے بندے کی بیماری کو اپنی طرف منسوب کیا ہے۔ ’’وجدتنی عندہ ‘‘کے الفاظ کا معنی ہے کہ اس بندے کے پاس جاکر میرا ثواب تمہیں مل جاتا۔ جس طرح کھلانے اور پلانے کے بارے میں اپنے ثواب کی خوشخبری سنائی ہے۔

کافر کی عیادت اس امید پر کہ شاید وہ مسلمان ہوجائے

حضرت انسؓ فرماتے ہیں۔ ایک یہودی لڑکا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کیا کرتا تھا ایک مرتبہ وہ بیمار ہوگیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے سرہانے بیٹھ گئے۔ اور فرمایا ’’اسلام قبول کرلو‘‘۔ لڑکے نے اپنے باپ کی طرف دیکھا اس کے باپ نے کہا: ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی بات مان لو۔ لڑکے نے اسلام قبول کرلیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم واپسی پر فرمارہے تھے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَنْقَذَہٗ مِنَ النَّارِ۔

’’اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے اس لڑکے کو آگ سے بچالیا‘‘۔

(بخاری)

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ کافر کی عیادت جائز ہے اور موت کے وقت بھی اسے اسلام کی تبلیغ کرنا مستحب ہے۔ نیز کافروں اور گناہگاروں کی ہدایت کی حرص رکھنا بھی اچھا ہے۔ اگر کوئی گمراہ شخص راہ راست پر آجائے تو اللہ تعالیٰ کا شکرادا کرنا چاہئے۔ یہ بھی مستحب ہے۔

حضور ﷺ نے یوم خیبر حضرت علیؓ سے فرمایا تھا: ''بخدا اگر ایک شخص بھی تمہاری وجہ سے ہدایت پر آجائے تو وہ تمہارے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے''۔ نیز حضور ﷺ لوگوں پر شفیق تھے اور آپ ﷺ پوری کوشش فرماتے کہ لوگ اسلام قبول کرلیں تاکہ انسانیت جہنم سے نکل کر جنت میں داخل ہوجائے۔

مریض کے پاس مختصر نشست

حضرت انسؓ سے روایت ہے حضور ﷺ نے فرمایا:

اَلْعِیَادَۃُ فُوَاقُ نَاقَۃٍ۔ ترجمہ ''عیادت مختصر ہونی چاہئے''۔

فواق کا معنی دو دفعہ دودھ دوہنے کا درمیانی وقفہ یعنی ایک دفعہ دودھ نکالنے کے بعد دوبارہ تھنوں کو ملا جاتا ہے تھوڑی دیر ملنے کے بعد دودھ پھراتر آتا ہے۔

حضرت علیؓ سے روایت ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا:

اَعْظَمُ الْعِیَادَۃِ اَجْرًا اَخَفُّھَا وَالتَّعْزِیَۃُ مَرَّۃً۔

''مختصر عیادت کا اجر زیادہ اور تعزیت ایک دفعہ ہوتی ہے''۔ (بیہقی)

ان دونوں احادیث سے معلوم ہوا کہ بہتر عیادت وہ ہے جس میں مریض کے پاس نشست مختصر ہو، تاکہ مریض ناگواری نہ محسوس کرے۔ لیکن اگر عیادت کرنے والا شخص ایسا ہے جس سے مریض کو انس ہے اس کی خدمت کی ضرورت ہے۔ ایسی صورت میں مریض کے پاس زیادہ دیر رہنا ضروری ہے۔

مریض کے پاس ایسی گفتگو نہ کرنا چاہیے جو اسے ناگوار ہو۔ اس سلسلے میں اس حدیث پاک سے رہنمائی ملتی ہے۔

قُوْمُوْا عَنِّیْ وَلَا یَنْبَغِیْ عِنْدِی التَّنَازُعُ

''جھگڑا نہ کرو یہاں سے اٹھ جاؤ''۔

یہ حدیث بخاری شریف میں حضرا بن عباسؓ سے مروی ہے۔

حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے عیادت کے دس آداب ذکر کئے ہیں۔

(۱) اجازت طلب کرتے وقت گھر کے دروازے کے بالکل سامنے نہ کھڑا ہو۔ (۲) دروازہ نرمی سے کھٹکھٹائے۔ (۳) اپنا تعارف مبہم انداز میں نہ کروایا جائے۔ جس طرح کہ دروازے پر ''میں'' کھڑا ہوں۔ (۴) نامناسب وقت میں عیادت کے لئے نہ جائے جیسے دوائی پینے کا وقت۔ (۵) مریض کے پاس تھوڑی دیر بیٹھے۔ (۶) نگاہیں نیچی رکھیں۔ (۷) سوالات کم کرے۔ (۸) مریض کے ساتھ اظہار ہمدردی کرے۔ (۹) مریض کے لئے مخلصانہ دعا کی جائے۔ (۱۰) مریض کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا جائے۔ بے صبری سے منع کیا جائے جو باعث عذاب ہے۔

مریض کے لئے کیا دعا کی جائے

حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے:

جبرئیل حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا۔ اے محمد ﷺ کیا آپ بیمار ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا ''ہاں''۔ جبرئیلؑ نے پڑھا:

بِسْمِ اللّٰہِ اُرْقِیْكَ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ یُّؤْذِیْكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَیْنٍ حَاسِدٍ اَللّٰہُ یَشْفِیْكَ بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْكَ۔ (مسلم)

ترجمہ ''اللہ کے نام سے میں آپ کو دم کرتا ہوں ہر اس چیز سے (حفاظت کے لیے) جو آپ کو تکلیف دیتی ہے۔ ہر ذی روح کے شر سے اور ہر حاسد کی نظر سے۔ اللہ آپ کو شفا عطا فرمائے، اللہ کے نام سے آپ کو دم کرتا ہوں''۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے حضور ﷺ نے فرمایا: ''جب کوئی مسلمان کسی دوسرے مسلمان کی عیادت کرتا ہے اور سات مرتبہ یہ دعا پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس مریض کو شفا عطا فرما دیتا ہے سوائے اس مریض کے جس کی موت کا وقت آچکا ہو''۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَسْاَلُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَنْ یَّشْفِیَكَ۔

''عرش عظیم کے عظیم رب سے میں تیری صحت کا سوال کرتا ہوں''۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے حضور ﷺ حضرت حسنؓ اور حسینؓ کو اس طرح دم فرمایا کرتے تھے: اُعِیْذُ كُمَا بِكَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ كُلِّ شَیْطَانٍ وَّ ھَامَّۃٍ وَمِنْ كُلِّ عَیْنٍ لَّامَّۃٍ

ترجمہ ''اللہ کے مکمل کلمات کے طفیل تمہیں اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں ہر وہم میں مبتلا کرنے والے شیطان اور ملامت کرنے والی آنکھ کے شر سے''۔

حضور علیہ السلام فرمایا کرتے تھے: "تمہارے باپ ابراہیمؑ اپنے پسران اسماعیلؑ اور اسحاقؑ کو بھی اسی طرح دم کیا کرتے تھے"۔

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے جب کسی آدمی کو کوئی تکلیف ہوتی یا کوئی زخم ہوتا تو آپ علیہ السلام زمین پر انگشت رکھتے اور فرماتے:

بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا يَشْفِيْ سَقِيْمَنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا۔

ترجمہ "اللہ کے نام کی برکت سے ہماری سرزمین کی مٹی اور ہمارے تھوک، ہمارے رب کے حکم سے ہمارے مریض کو شفاء ہو"۔

حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے۔

حضور علیہ السلام نے فرمایا: جب کوئی آدمی مریض کی عیادت کے لئے جائے تو یوں کہے۔

اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ يَنْكَأُ لَكَ عَدُوًّا اَوْ يَمْشِيْ اِلٰى جَنَازَةٍ۔

(ابوداؤد، ابن حبان، حاکم)

ترجمہ "اے اللہ اپنے بندے کو شفاء عطا فرما (اگر یہ صحت مند ہو گیا تو) تیرے کسی دشمن کو زخمی کرے گا یا (تیری رضا کے لئے) کسی کا جنازہ پڑھے گا"۔

مریض پر ہاتھ رکھ کر دم کرنا

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے۔

ہم میں سے جب بھی کوئی بیمار ہوتا حضور علیہ السلام اس کے جسم پر اپنا دایاں ہاتھ مبارک رکھتے اور فرماتے:

اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سُقْمًا۔

ترجمہ "پروردگار عالم اس تکلیف کو دور فرما، شفا عطا فرما، تو ہی شفا عطا فرمانے والا ہے۔ تیری شفا کے سوا کوئی شفا نہیں، ایسی شفا عطا فرما جو بیماری کے اندیشہ سے پاک ہو"۔

(اللہ جل جلالہ ہم سب کو سنت کے مطابق عیادت کرنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین۔ خ)

عبادت گزار مریض جلد ٹھیک کیوں ہوجاتے ہیں؟

حکیم محمد منظور خاقانی

نت نئی اور مہلک ترین بیماریوں کے جدید ترین اور قدیمی علاج معالجہ سے مایوس ہوکر طبی سائنس دانوں اور محققین نے بالآخر مذہب سے مضبوط تعلق میں ہی صحت کا راز تسلیم کیا ہے۔ ایک تازہ ترین تحقیق کے مطابق غذا اور صحت کے عنوان سے اس بحث کا آغاز ہوچکا ہے اور طبی محققین اس بحث کو طوالت دے رہے ہیں کہ کیا مذہب اور خدا ادویات سے بہتر ہیں؟

اگرچہ طبی محققین پرانے اور فطری عقیدے کی نسبت کو دلائل سے از سر زندہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں، جس کے بارے میں احکامات الٰہی بہت واضح ہیں بلکہ تمام الہامی کتابوں میں اللہ تعالیٰ نے اس واضح حقیقت کی طرف توجہ دلائی ہے کہ تمام بیماریاں اس کی جانب سے آتی ہیں اور ان کا علاج بھی اس کے پاس ہی ہے۔ وہ جب چاہتا ہے بیماریوں سے شفا دیتا ہے۔ بحیثیت مسلمان ہمارا عقیدہ بہت پختہ ہونا چاہیے مگر کمزور مسلمانوں نے اس حقیقت کو تسلیم کرنے کے باوجود اس پر مکمل ایقان نہیں رکھا۔ اسلام میں بیماریوں کا فطری اور روحانی علاج مروج ہے اور آج بھی دنیا بھر میں ان سے استفادہ کیا جارہا ہے۔ طبی محققین نے بیماریوں کے علاج اور ادویات سے تنگ آکر جس روشن اور فطری علاج کی طرف اشارہ کیا ہے، درحقیقت طب اسلامی و روحانی کا یہی راستہ ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ ان طبی ماہرین کی عصبیت اور ان کا مذہب انہیں اسلام کی حقانیت اور بیماریوں اور علاج معالجہ کے خلاف واضح تحقیقات کو تسلیم کرنے سے گریز کراتا ہے۔

تاہم عالمی جریدے نیوز ویک نے God and Health کے عنوان سے یورپ میں روحانیت کے بڑھتے ہوئے رجحانات پر خصوصی رپورٹ شائع کی تھی۔ جس میں ایسے واقعات کو منظر عام پر لایا گیا ہے کہ یورپ میں بہت سے معالجین پیچیدہ اور عام بیماریوں کے علاج معالجہ کے دوران روحانیت کو بھی استعمال کرنے لگے ہیں۔ بہت سے ڈاکٹر جو مذہب کے قریب ہیں انہوں نے اپنے میڈیکل سنٹروں میں ایک طرف ادویات رکھی ہوتی ہیں تو دوسری طرف دعائیہ علاج کا اہتمام کیا ہوتا ہے۔ ہر ڈاکٹر اپنے اپنے مذہب میں رائج روحانی علاج کے ذریعے مریضوں کے اعتقاد کو مضبوط بنانے کے لیے انہیں قائل کرتا ہے۔

عالمی جریدے نے اس حوالے سے ایک دلچسپ اور معلوماتی مضمون شائع کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ہر مذہب میں بیماریوں سے جنگ لڑتے ہوئے مریض دواء کے ساتھ ساتھ خدا پر بھی یقین رکھتا ہے اور کئی معاملات میں تو دوا پر خدا کو ترجیح دیتا ہے۔ اس حوالے سے رپورٹ میں ایک عیسائی نوجوان طالب علم نیکویٹ سچرڈ نے بیان کیا ہے کہ وہ سروے کے لیے ایک کینسر کے مریض کے پاس گیا تو مریض نے نہایت مایوسی کے عالم میں کہا کہ اسے دنیا کی کوئی طاقت مرنے سے نہیں بچا سکتی۔ اس پر نیکویٹ نے سوال اٹھایا کہ کیا ہمارے معالجین صرف ادویات کے ذریعے ہی مریضوں کا علاج کرتے رہیں گے۔ وہ مریضوں کو مایوسی کے اندھیروں سے نکالنے کے لیے کوئی ایسا طریقہ استعمال کیوں نہیں کرتے کہ مریض ان کی گفتگو کے سحر میں گرفتار ہوکر علاج سے مایوس ہونا چھوڑ دے۔ نیکویٹ نے معالجین سے دلبرداشتہ ہوکر ایک ادارہ ویسٹرن میڈیکل سکول میں داخلہ لے لیا اور وہاں روحانیت کے ذریعے علاج کا کورس کیا۔ اس ادارہ میں معالجین کو مریضوں کو ادویات کے علاوہ روحانی طریقہ سے علاج بھی سکھایا جاتا ہے۔

نیوز ویک نے اپنی رپورٹ میں واضح لکھا کہ یورپ میں ڈاکٹروں سے مایوس مریض مذہبی عقائد اور روحانی علاج کی طرف لوٹ رہے ہیں کیونکہ یہی وہ طریقہ ہے جو مریض کے بدن کے ساتھ ساتھ اس کی روح کو صحت بخشتا ہے۔

روحانی طور پر تندرست انسان بیماریوں سے لڑسکتا ہے اور اس پر کبھی مایوسی غالب نہیں آتی۔ روحانی قوت میں اضافہ ہی دراصل گوشت پوست کے انسان کی اصل قوت ہوتی ہے۔ لہٰذا یورپ میں جدید مراقبہ سنٹروں اور میڈیکل سنٹروں میں روایتی روحانی علاج کی طرف توجہ دی جارہی ہے اور اسے امید کی کرن قرار دیا جارہا ہے۔

روحانی معالجین میڈیکل ڈاکٹروں کے ساتھ مل کر تحقیقات کر رہے ہیں کہ کون سی عبادات اور ارتکاز کے دوران انسانی دماغ کے کون سے مراکز ہیں جو شفائی اثرات کے حامل ہیں۔

نیوز ویک نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ عبادت کرنے والے لوگ دوسرے لوگوں کی نسبت زیادہ صحت مند رہتے ہیں۔ اس حوالے سے ایک سروے بھی کیا گیا اور بتایا گیا کہ یورپ میں جو لوگ عبادت گاہوں میں نہیں جاتے ان کی اوسط عمر 70 سال ہے جبکہ ہفتہ میں ایک بار عبادت گاہ جانے والوں کی عمر 80 سال ہے اور جو اکثر عبادت گاہوں میں جاتے ہیں ان کی اوسط عمر 88 سال ہے۔ ان افراد میں مثبت رجحانات زیادہ ہوتے ہیں اور ان میں مایوسی کا مادہ 31 فیصد کم ہوتا ہے۔

سروے کے مطابق 84 فی صد لوگوں نے اقرار کیا کہ مذہبی عبادات بیماریوں سے بچاتیں اور صحت کی طرف واپس آنے میں مدد دیتی ہیں۔

جدید میڈیکل سائنس اگرچہ روحانیت کو تسلیم کر چکی ہے لیکن ڈاکٹر اور محققین اس پر غور کر رہے ہیں کہ وہ کون سی عبادات ہیں جو مریض کو جلد شفا دیتی ہیں۔

ڈیوک سنٹر فار دی سٹڈی آف ریجن اینڈ ہیلتھ کوننگ کے ڈائریکٹر نے اس ضمن میں ایک دلچسپ بات کی ہے۔ ان کی تحقیق کے مطابق صرف عبادت گزار مریض ہی جلد صحت یاب نہیں ہوتے، جو معالجین عبادت گزار ہوں گے، ان کے مریض بھی جلد شفا پاتے ہیں۔

جدید سائنسی تحقیق اگر اسلامی طب کی تاریخ پڑھتی تو اسے نئے سرے سے سر کھپانے کی ضرورت محسوس نہ ہوتی۔ اسلامی طب کے جید اور نابغہ روزگار اطباء روحانی طور پر نہایت مضبوط انسان ہوتے تھے جو مریض کی نبض تھامتے تھے تو آدھا مرض ختم ہو جاتا تھا۔ ان کی روایات میں تاثیر کی وجہ یہ تھی کہ ان کے قلوب پاک اور ان کی روحیں طاقتور تھیں۔ ان کی روحانی لہریں مریض کی روح کو تازگی دینے کا باعث بنتی تھیں۔ جدید تحقیق کی روشنی میں ہمارے معالجین عبادات اور وظائف کو ادا کریں تو یقیناً ان کے مریض جلد شفایاب ہوں گے۔

عجیب و غریب فوائد

مولانا محمد عرفان

❁ حدیث شریف میں ہے کہ چھینک آنے پر الحمد للہ علی کل حال پڑھے گا تو وہ درد کان، درد داڑھ سے محفوظ رہے گا۔

(احسن واحسین)

❁ جو کوئی چھینک یا ڈکار لے یا ڈکار سنے پھر کہے الحمد للہ علی کل حال تو اللہ تعالیٰ اس سے ستر مرض دور فرما دیں گے۔ جن میں سب سے چھوٹا مرض جزام ہے۔ (خطیب)

❁ جو شخص چھینکنے والے کے الحمد للہ کہنے سے پہلے الحمد للہ پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کو درد دکھ سے محفوظ فرمائیں گے اور وہ کوئی رنج نہ دیکھے گا دنیا سے آخر تک جانے تک۔ (طبرانی)

❁ جو شخص کوئی بات کہے اور چھینک آ جائے تو اس بات حق ہونے کی علامت ہے۔ (حوالہ بیہقی)

(حوالہ بیہقی، طبرانی، حکیم ترمذی، رقیہ احمد وغیرہ)

جو مسلمان چھینکے، پس الحمد للہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسی کی برکت سے ایک فرشتہ پیدا کر دے گا جو قیامت تک اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرے گا۔

(حدیث متروک اخرجہ الامام الشوکانی)

جو کوئی ہر چھینک سننے کے بعد الحمد للہ علی کل حال پڑھے گا تو وہ شخص درد کان و داڑھ سے محفوظ رہے گا۔

(حوالہ ابن شیبہ) (رقیہ احمد)

ایک راز کی بات

اگر کوئی شخص ہمیشہ قرآن کریم کی تلاوت کرتا رہے، اگرچہ قلیل مقدار پڑھنا اپنی عادت بنا لے، مگر پڑھے پابندی کے ساتھ تو وہ شخص بڑھاپے کی حالت میں نہیں سٹیائے گا بلکہ عقل و شعور و دانشمندی بڑھتی رہے گی۔ یہ بات مستند و مدلل ہے اور مجرب ہے۔

بیماریوں کے فضائل اوران کا شرعی علاج

مولانا محمد حسین صدیقی صاحب

مختلف امراض پر وارد فضائل

بیمار آدمی کی بیماری اس کے گناہوں کا کفارہ ہوتی ہے

1..حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ ایک مسلمان نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ ہمیں بتلایئے یہ بیماریاں جو ہمیں آتی ہیں ان کی وجہ سے ہمیں کیا اجر ملتا ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: ''گناہوں کا کفارہ ہیں''۔ حضرت ابی ابن کعبؓ نے عرض کیا (اور وہ اسی مجلس میں موجود تھے) اے اللہ کے رسول! خواہ وہ بیماری تھوڑی سی ہو۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''خواہ کانٹا ہی کیوں نہ چبھا ہو یا اس سے بھی کوئی چھوٹی چیز''۔ (رواہ مسند احمد)

2..حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: ''اللہ جل شانہٗ ارشاد فرماتے ہیں کہ میری عزت کی قسم، میرے جلال کی قسم، جس بندے کی میں مغفرت کرنا چاہتا ہوں اس کو دنیا سے اس وقت تک نہیں نکالتا جب تک کہ اس کی تمام خطاؤں کو جو اس کی گردن پر ہیں، بدن کو بیمار کر کے اور اس کے رزق میں کمی کر کے پورا نہ کرلوں''۔ (رواہ الحاکم)

3..حضرت عبداللہ بن عمرؓ نبی اکرم ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ: ''جو مومن مرد اور مومن عورت بیمار ہو جائے تو اللہ جل شانہٗ اس کے ان امراض کی وجہ سے گزشتہ گناہوں کو معاف فرما دیتے ہیں''۔ (رواہ بزار)

بخار کے فضائل

1..حضرت ابن ریحانہؓ نبی کریم ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ: ''بخار جہنم کی تپش میں سے ہے اور مومن کا حصہ ہے آگ سے''۔ (اخرجہ الطبرانی)

2..حضرت حسن بن علیؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اللہ جل شانہ ایک رات کے بخار سے مومن کے تمام گناہوں کو معاف فرما دیتے ہیں''۔ (رواہ ابن ابی دنیا)

سر درد پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے انعام

1..حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جس شخص کے سر میں اللہ تعالیٰ کے راستے میں درد ہو، (اور اس نے اس کو اللہ کے اجر و ثواب کی امید سے برداشت کیا) تو اللہ جل شانہ اس کی وجہ سے اس کے گزشتہ تمام گناہوں کو معاف فرما دیتے ہیں''۔

2..حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کہ مومن کو درد سر ہو یا کانٹا جو اسے چبھے یا کوئی ایسی چیز جو اس کو تکلیف دے۔ اس کی وجہ سے قیامت کے دن اللہ ایک درجہ بلند فرمائیں گے اور اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو معاف فرمائیں گے''۔

(رواہ ابن ابی دنیا)

رگ پھڑکنے کا ثواب

1..حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ: ''کبھی بھی کسی مسلمان کی رگ نہیں پھڑکتی مگر اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کی ایک خطاء کو معاف فرما دیتے ہیں اور اس کے لئے ایک نیکی لکھ دیتے ہیں اور ایک درجہ بلند فرما دیتے ہیں''۔ (حاکم، طبرانی)

مرگی کے برداشت کرنے پر جنت کا وعدہ

1..حضرت عبداللہ ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ایک عورت حاضر ہوئی اور عرض کرنے لگی کہ مجھے مرگی کے دورے پڑتے ہیں، اس میں میرا ستر کھل جاتا ہے میرے لئے دعا فرما دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اگر چاہو تو صبر کرو اور جنت لے لو اور چاہو تو میں تمہارے لئے اس بیماری سے شفا کی دعا کردوں''؟ اس عورت نے کہا کہ میں صبر ہی کروں گی اور پھر کہنے لگی کہ میرا ستر کھل جاتا ہے اس کے لئے اللہ سے دعا کردیں کہ میرا ستر نہ کھلا کرے، آپ ﷺ نے اس کے حق میں دعا فرما دی۔ (بخاری و مسلم)

بینائی نہ ہونے پر اجر

1..حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ میں نے حضور ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ: ''اللہ جل شانہ ارشاد فرماتے ہیں کہ جب میں نے اپنے کسی بندے کو دو محبوب چیزوں کے ساتھ آزمایا، پھر اس نے صبر کیا تو ان دونوں کے بدلے میں اس کو جنت دوں گا (مراد دونوں آنکھیں ہیں)''۔

ایک دوسری روایت میں آتا ہے کہ: ''میں نے جس کی دو محبوب چیزوں کو

لے لیا پھر اس نے اس پر صبر کیا اور ثواب کی امید رکھی تو جنت دینے سے کم ثواب پر میں راضی نہیں ہوں گا"۔ (بخاری)

مریض کی دعا قبول ہوتی ہے اس سے اپنے لیے دعا کراؤ

1..حضرت عبداللہ ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "بیماریوں کی عیادت کیا کرو اور ان سے اپنے لئے دعا کی درخواست کیا کرو کیونکہ مریض کی دعا قبول ہوتی ہے اور اس کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں"۔ (طبرانی)

مسافر کے بیمار ہونے کی فضیلت

1..حضرت بن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی کرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: "مسافر آدمی جب بیمار ہوجاتا ہے اور وہ اپنے دائیں بائیں اور آگے پیچھے دیکھتا ہے اور اس کو کوئی جان پہچان کا آدمی نظر نہیں آتا تو اللہ تعالیٰ اس کے گزشتہ تمام گناہوں کو معاف فرما دیتے ہیں"۔ (رواہ ابن النجار)

بیماری کا چھپانا بھی مغفرت کو واجب کردیتا ہے

1..حضرت عبداللہ ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: "جس کے مال یا جان کو کوئی مصیبت پہنچی تو پھر اس نے اس کو چھپائے رکھا اور لوگوں سے اس کی شکایت نہیں کی تو اللہ تعالیٰ پر واجب ہے کہ اس کی مغفرت فرمادیں"۔ (رواہ الطبرانی)

بیماری کی حالت میں گناہ نہیں لکھے جاتے

1..حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "کہ جو شخص کسی بیماری میں مبتلا ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ کراماً کاتبین کو فرماتے ہیں کہ یہ شخص جو گناہ کرے اس کو مت لکھنا اور جو نیکی کرے اس کو دس گنا لکھنا اور اس کے لئے اسی طرح سے نیک اعمال لکھتے رہو جن اعمال کو وہ حالت صحت میں کرتا تھا اگرچہ حالت مرض میں اس نے وہ اعمال نہیں کئے"۔ (رواہ ابویعلیٰ)

2......حضرت مکحولؒ نبی کریم ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ: "بندہ جب بیمار ہوتا ہے تو بائیں طرف والے فرشتے سے کہا جاتا ہے کہ جو وہ عمل کیا کرتا تھا اس سے زیادہ لکھو کیونکہ میں اس کو زیادہ جانتا ہوں اور میں نے ہی اس کو اس بیماری میں قید کیا ہے جس وجہ سے وہ اعمال نہیں کرپارہا ہے"۔ (بخاری وابوداؤد)

بیمار ہونے کی حکمتیں

گناہوں کی مغفرت

1..حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ: "جب اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتے ہیں تو اس کو دنیا میں ہی سزا دیتے ہیں اور جب اللہ اپنے بندے کے ساتھ برائی کا ارادہ فرماتے ہیں تو اس کے گناہ کا بدلہ روک لیتے ہیں یہاں تک کہ قیامت کے دن اس کو پوری سزا دیتے ہیں"۔ (مشکوٰۃ)

اسی طرح دوسری روایت میں آتا ہے:

ترجمہ حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "مسلمان کو جب بھی کوئی زخم و تکلیف و فکر و حزن و غم پہنچے یہاں تک کہ کوئی کانٹا بھی چبھے تو اس کے بدلے میں اللہ تعالیٰ اس کے گناہ کو معاف کردیتے ہیں"۔ (بخاری و مشکوٰۃ)

جنت کے اعلیٰ درجات

بعض لوگ ایسے ہوتے ہیں جن کو اللہ جل شانہ جنت میں اعلیٰ مقام دینا چاہتے ہیں مگر وہ اپنے اعمال کے ذریعہ سے وہاں تک نہیں پہنچتے تو اللہ جل شانہ ان کو بیماری اور مصائب میں مبتلا فرما کر اسے اعلیٰ درجہ تک پہنچادیتے ہیں جیسا کہ روایت میں آتا ہے۔

حضرت محمد بن خالدؒ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "کہ بندے کے لئے اللہ کی جانب سے بلند مرتبہ لکھا جاتا ہے لیکن اس کے عمل اتنے نہیں ہوتے کہ وہ اس تک پہنچ سکے تو اللہ تعالیٰ اس کو اس کے جسم کی یا مال یا اولاد کی آزمائش میں مبتلا کردیتے ہیں اور اس کو اس آزمائش میں صبر عطا فرما دیتے ہیں یہاں تک کہ اللہ کی طرف سے لکھے ہوئے مرتبہ پر پہنچ جاتا ہے"۔

ماہنامہ خزینہ روحانیات کے چار خاص نمبرز "جنات نمبر"، "جادو نمبر" "درود شریف نمبر" اور "کشائش رزق نمبر" حاصل کریں

رسالہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کے ذریعے بھیجا جائے گا۔

سٹاک محدود ہے

جنات نمبر

قیمت: -/60 روپے

جنات کے متاثرہ مریضوں وجگہوں کی تشخیص وعلاج کے طریقے، علاج میں احتیاط کیا کی جائیں، جنات کو حاضر کرنا، قید کرنا، تابع کرنا، جلانا وغیرہ کے اعمال، چلہ کیسے شروع کیا جائے؟ جنات کو دیکھنا ممکن ہے، کیا تسخیر جنات جائز ہے؟ آنحضورﷺ کا خط روئے زمین کے تمام جنات کے نام، جنات کے نقصان پہنچانے کے واقعات۔

جادو ٹونہ نمبر

قیمت: -/60 روپے

جادو کی تشخیص اور نجات، حفاظت اور واپسی کے اعمال، جادو کی اشیاء منگوانا، دفن جادو کا پتہ لگانا، مختلف قسم کی بندشوں مثلاً کاروبار، نکاح، صحت، شہوت کا توڑ وغیرہ، جادو کے علاج کے بڑے اعمال مثلاً ہانڈی، کڑاہی، بکرے، پوٹلی کے اعمال، دینی اداروں پر ہونے والے جادو کے توڑ کا خاص طریقہ، کالی ماتا کے وار کا توڑ، علاج میں احتیاطیں اور بہت کچھ۔

درود شریف نمبر

قیمت: -/60 روپے

درود شریف کی فضیلت، دنیاوی و اخروی فضائل، مسائل، نہ پڑھنے پر وعیدیں، تسخیر الارواح کا خاص عمل، درود شریف کے اعمال مثلاً زیارت رسولﷺ، مشکلات سے نجات، شادی، محبت، حفاظت، سحر، آسیب و امراض سے نجات وغیرہ۔

کشائشِ رزق نمبر

قیمت: -/60 روپے

رزق کی کنجیاں، رزق حلال کی برکتیں، غربت کا خاتمہ، رزق حرام پر دنیا و آخرت کے عبرتناک واقعات، کشائش رزق، کاروبار کی ترقی، ادائیگی قرض، وصولی قرض، دستِ غیب، نوکری، دولت مند ہونے، غربت و افلاس ختم کرنے، رزق و کاروبار کی بندش کو دور کرنے کے مجرب اعمال وغیرہ۔

برائے رابطہ
Ph # (042) 35033371
Cell # (0322) 4773786
خط و کتابت: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570
Web: www.darulamal.org/magazines/ruhani
E-mail: www.khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
E-mail: magazine@darulamal.org

زمزم سے شفایاب ہونے والے حضرات کے واقعات

سید عامر علوی (لاہور)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی نیت

ابن المقری نشرال آس میں لکھا ھے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ماء زمزم پیا اور یوں کہا ''اللّٰھم اشرب لظما یوم القیامه'' یعنی اے اللہ! میں اس کو قیامت کے دن کی پیاس سے بچنے کی نیت سے پی رہا ھوں۔ (الجواہر المنظم ص،،،42 بحوالہ فضل ماء زمزم)

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کی نیت

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما جب زمزم پیتے تھے تو یہ دعا پڑھتے تھے ''اللّٰھم انی اسئلك علماً نافعاً و رزقاً واسعاً و علماً متقبلا'' یعنی اے اللہ میں آپ سے علم نافع اور رزق واسع اور عملِ مقبول کا سوال کرتا ھوں۔ (المستدرک حاکم، ج1، ص473)

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی نیت

زمزی نے نشرال آس میں قرۃ العین سے نقل کیا ھے کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے اس لئے پیا کہ یا اللہ مجھے اعلم العلماء (یعنی اپنے زمانے کا سب سے بڑا عالم بنا دیجئے) ۔امام صاحب کی یہ دعا قبول ہوئی اور وہ اپنے زمانہ کے اعلم العلماء بنے اور فقہ میں جو ان کا مقام ھے، وہ اہل حق پر عیاں ہے۔ ان کی فقاہت کا اہل حق میں سے کوئی انکار نہیں کرسکتا۔

امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ''الناس فی فقه عیال علی ابی حنیفه'' یعنی لوگ فقہ میں امام ابوحنیفہ کی اولاد ہیں۔

حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کی نیت

امام شافعی رحمہ اللہ کے بارے میں مشہور ھے کہ انہوں نے ماء زمزم تیر اندازی میں صحیح نشانہ لگانے کی نیت سے پیا، لہٰذہ ان کا نشانہ صحیح لگنے لگا۔ دس تیر میں سے نو تیر اپنے صحیح نشانے پر لگتے تھے۔ (فضل ماء زمزم، ص271)

فالج کے مرض سے شفایاب ہونے کا واقعہ

علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے سیر اعلام النبلاء میں لکھا ھے کہ عبداللہ بن مسلم الدینوری رحمہ اللہ یا ان کے صاحب زادے احمد بن عبداللہ کا بیان ھے کہ میں نے ایک جماعت کے ساتھ حج کیا۔اس جماعت کے ساتھ ایک مفلوج شخص تھا۔ میں نے اس کو ایک دن دیکھا کہ وہ صحیح سالم ھے اور طواف کر رہا ھے اور اس پر فالج کے بلکل آثار نہیں ہیں۔ میں نے اس سے پوچھا کہ تمہارہ فالج کیسے ٹھیک ھوا؟ اس نے جواب دیا کہ میں بیرِ زمزم پر آیا اور میں نے زمزم لیا اور اس زمزم کو اپنی دواۃ میں ڈالا اور اس دواۃ کی روشنائی سے بسم اللہ الرحمان الرحیم لکھنے کے بعد سورہ ء حشر کی آخری تین آیات لکھیں اور سورہ ء اسراء کی آیت نمبر 86 لکھی۔ پھر میں نے بارگاہ رب العزت میں عرض کی کہ یا اللہ آپ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ''ماء زمزم لما شرب له'' کہ آب زمزم جس لئے پیا جائے وہ پورا ھوجاتا ھے۔ اور یہ کلام آپ کا ھے۔ پس مجھے شفاء دے دیجئے اپنی عافیت کے ساتھ۔ پھر میں نے اس کو آبِ زمزم سے گھولا اور پی لیا، پس مجھے عافیت مل گئی اور فالج کے مرض سے باذن اللہ نجات مل گئی۔

(سیر اعلام النبلاء، ج11، ص212)

امام زین الدین العراقی رحمہ اللہ کا قصہ

امام المحدثین زین الدین رحمہ اللہ نے آبِ زمزم مختلف نیتوں سے پیا، ان کے پیٹ میں تکلیف تھی، اس سے نجات حاصل کرنے کے لئے زمزم پیا، اللہ تعالٰی نے نجات عطا فرمادی، شفایاب ھوگئے۔ (شفاء الغرام)

حضرت علامہ ابن المبارک رحمہ اللہ علیہ کی نیت

فوائد ابی بکر بن المقری میں سوید بن سعید رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ میں نے ابن المبارک رحمہ اللہ تعالٰی علیہ کو دیکھا کہ وہ زمزم کے پاس آئے اور بارگاہ الٰہی میں یوں عرض کیا کہ ''اے اللہ! ابن المؤمل نے مجھے بیان کیا ہے اور ان کو ابوالزبیر نے بیان کیا ھے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالٰی عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''ماء زمزم لماء شرب

دوسروں کے مال کی حرص نہ کرنا سخاوت ہے

لہ" یعنی ماءزمزم جس لئے پیا جائے وہ پورا ہو جاتا ہے، یا اللہ! میں اس کو قیامت کے دن کی پیاس سے محفوظ رہنے کے لئے پی رہا ہوں۔"

حضرت علامہ ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ کی نیت

ابن قیم رحمۃ اللہ کا بیان ہے کہ میں نے آب زمزم کئی امراض سے نجات حاصل ہونے کی نیت سے پیا، سو اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے حکم سے ان امراض سے نجات عطاء فرمادی اور کہتے ہیں کہ مکہ مکرمہ میں مجھ پر ایسا وقت گزرا ہے کہ میں مریض تھا اور نہ طبیب میسر تھا اور نہ دوا موجود تھی۔ پس میں آب زمزم شفاء کی نیت سے پیتا تھا اور زمزم پیتے ہوئے (قرآن کریم کی آیت) "ایاك نعبد وا ایاك نستعین" پڑھتا تھا اور بار بار ایسا ہی کرتا تھا، پس مجھے مکمل شفاء حاصل ہوگئی۔ پھر میں نے ماء زمزم بہت سے دردوں کے لئے پیا، پس مجھے بہت زیادہ فائدہ ہوا۔

(زاد المعاد، ج4، ص393)

امام ابن خزیمہ رحمۃ اللہ کی نیت

امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ حافظ ابن خزیمہ رحمۃ اللہ سے پوچھا گیا کہ آپ کو کہاں سے (اتنا زیادہ) علم حاصل ہوا؟ انہوں نے جواب دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ "ماء زمزم لما شرب لہ" یعنی ماء زمزم جس نیت سے پیا جائے وہ پورا ہو جاتا ہے۔ سو میں نے اس نیت سے زمزم پیا کہ یا اللہ! مجھے علم نافع عطاء فرمادیجئے۔

(سیر اعلام النبلاء، ج14، ص370)

عام جسمانی بیماریوں کے روحانی علاج

ڈاکٹر خالد مقبول حفظہ اللہ

اس مضمون میں سر سے لے کر پیر تک کی عام بیماریوں کا روحانی علاج دیا گیا ہے۔ تمام اعمال کی اجازت عام ہے۔ جو افراد بھی ان سے فائدہ اٹھائیں، وہ ہمیں دعاؤں میں یاد رکھیں اور اپنے تجربے سے ضرور آگاہ فرمائیں۔ آسانی کے لئے آیات کے حوالے لکھ دیئے گئے ہیں۔

سر کی بیماریاں

سر درد

١...جس شخص کے سر میں درد ہو اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر تین یا سات بار یہ دعا پڑھے، ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَاءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ اِسْمُهٗ بَرَكَةٌ وَّشِفَاءٌ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ بِيَدِهٖ شِفَاءٌ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

٢......یہ آیات لکھ کر سر پر باندھی جائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ: ١٧٨﴾

يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ﴿سُوْرَةُ النِّسَاءِ: ٢٨﴾

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ﴿سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ: ١٨٦﴾

اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ﴿سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ: ٤٥﴾

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ: ١٣﴾

................*........*........*

درد شقیقہ (آدھے سر کا درد)

١...سورۃ التکاثر بعد نماز عصر پڑھ کر دم کرنا آدھے سر کے درد کے لئے نافع ہے۔

٢......یہ آیت سات بار پڑھ کر دم کرے۔

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قُلِ اللّٰهُ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ اَوْلِيَاءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ﴿سُوْرَةُ الرَّعْدِ: ١٦﴾

................*........*........*

ضعف دماغ و نسیان

١...سورہ یٰس کو مشک و زعفران سے لکھیں اور دھو کر پی لیں۔ سات روز متواتر بلا ناغہ ایسا کرنے سے ان شاء اللہ پھر جو کچھ سنے گا وہ سب یاد رہے گا۔

٢......سورہ آل عمران کی درج ذیل آیات کا جمعرات یا جمعہ کے دن پہلی ساعت میں چینی کی طشتری پر باوضو زعفران، مشک اور گلاب سے لکھ کر پھر ان کو دھو کر نہار منہ کمزور حافظے والے کو پلانا مفید ہے۔ اس عمل کو سات دن تک کیا جائے۔ آیات یہ ہیں:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ قَالَ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاءِ ﴿٣٨﴾ فَنَادَتْهُ الْمَلٰئِكَةُ وَهُوَ قَائِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٣٩﴾ قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَاَتِيْ عَاقِرٌ قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ ﴿٤٠﴾

................*........*........*

دوران سر (چکر، سر گھومنا)

۱..... جب سر چکرانے کا عارضہ لاحق ہو جائے، آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہو اور اٹھ کر چلنا پھرنا مشکل ہو جائے تو ایسی صورت میں یہ آیات مبارکہ باوضو ہو کر زعفران کے ساتھ مریض کی پیشانی پر لکھیں۔ ان شاء اللہ سر چکرانا بند ہو جائے گا اور مکمل طور پر آرام آجائے گا۔

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۝ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ۝ ﴿سُوْرَةُ الْقِيٰمَةِ﴾

۲..... سر چکرانے کا ایک اور شافی علاج یہ ہے کہ درج ذیل آیات تین پڑھ کر دم کیا جائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿سُوْرَةُ التَّوْبَةِ: ۱۲۸﴾

اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ

﴿سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ: ۴۵﴾

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

﴿سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ: ۱۳﴾

ہر اسلامی مہینے کے پہلے اتوار کو حاجات پوری ہونے اور رکاوٹیں دور کرنے کے لئے ایک خاص طریقے پر عمل کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کا بھی کوئی کام مثلاً شادی، مقدمہ، حب، ترقی، بیماری سے شفایابی میں رکاوٹ...... سخت جادو اور جنات کا اثر، نظرِ بد انسانی و جناتی، لا علاج مرض یا کوئی بھی دنیاوی مشکل ہو اور آپ چاہتے ہیں کہ یہ رکاوٹ دور ہو جائے یا خاص حاجت پوری ہوجائے تو اس عمل سے فائدہ اٹھائیں۔ کسی بھی ایک مقصد کے لئے عمل کا ہدیہ گیارہ سو-/1100 روپے ہے۔

تعویز حصول خیر و برکت و حفاظت ہر قسم

ہدیہ 500 روپے

یہ نقش قرآن پاک کی کئی سورتوں کا مجموعہ ہے۔ گھر اور جگہ مثلاً دوکان، فیکٹری، دفتر وغیرہ میں حصول خیر و برکت اور حفاظتِ سحر و بد اثرات کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

نوٹ یہ تعویذ جادو/جنات کے علاج کے لئے نہیں ہے۔

قارئین کرام کے تجربات و تحریریں

مولانا علی آفاق

ہم ان تمام قارئین سے انتہائی معذرت خواہ ہیں جنہوں نے اپنی تحریریں بھجوائیں مگر ان کو رسالے میں جگہ نہیں مل سکی۔ بہت زیادہ تحریریں دیر سے موصول ہوئی ہیں۔ ان شاء اللہ اگلے شماروں میں لگادی جائیں گی۔ اور آئندہ کے لئے درخواست ہے کہ جلد تحریریں ارسال کیا کریں تاکہ بروقت جگہ دی جاسکے۔ (مدیر)

سورۂ فاتحہ کے عمل سے ہیپاٹائٹس سے شفاء

مجھے ہیپاٹائٹس کا مرض تشخیص ہوا اور علاج کے باوجود صحت نہ ہوئی۔ ڈاکٹروں نے تقریباً جواب دے دیا تھا۔ پھر مجھے سورۂ فاتحہ اکتالیس بار پڑھنے کو بتایا گیا۔ میں نے مسلسل چار ماہ پابندی سے پڑھی تو الحمد للہ ہیپاٹائٹس کا مرض بالکل ختم ہوگیا۔ (شہناز اختر، لاہور)

........................*............*............*

سات خطرناک غلطیاں جو کھانے کے بعد لوگ کرتے ہیں

۱ **فوری بعد سگریٹ نہ پئیں:** ماہرین کا کہنا ہے کہ کھانے کے بعد ایک سگریٹ پینے کا موازنہ دس سگریٹ پینے سے کیا جاسکتا ہے۔ اور اس طرح کینسر کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

۲ **فوری بعد پھل نہ کھائیں:** کھانے کے فوری بعد پھل کھانے سے معدہ ہوا سے پھول جاتا ہے۔ کھانے کے ایک سے دو گھنٹہ بعد کھائیں یا پھر کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے۔

۳ **فوری بعد چائے نہ پئیں:** چائے کے پتوں میں ایسڈ کا کافی مواد ہوتا ہے۔ یہ مادہ کھانے میں موجود پروٹین کو سو(۱۰۰) کردیتا ہے جس کے نتیجہ میں ہضم کرنے میں مشکل ہوتی ہے۔

۴ **فوری بعد بیلٹ ڈھیلی نہ کریں:** بیلٹ ڈھیلی کرنے سے آنتوں میں مروڑ اور بندش لگ سکتی ہے۔

۵ **فوری بعد نہائیں نہیں:** کھانے کے فوری بعد نہانے کی وجہ سے خون کی گردش ہاتھوں، ٹانگوں اور جسم کی طرف ہوتی ہے۔ جس کی وجہ سے معدہ میں خون کی کمی ہوتی ہے اور نتیجہ میں قوتِ ہاضمہ کمزور ہوتی ہے۔

۶ **فوری بعد چہل قدمی نہ کریں:** یہ جو کہا جاتا ہے کہ کھانے کے بعد ایک سو قدم چلنے سے ۹۹ سال تک زندہ رہا جاتا ہے، یہ حقیقت میں درست نہیں۔ چلنے پھرنے سے ہمارا نظامِ ہضم کھانے سے غذائیت جذب نہیں کرسکتا۔

۷ **فوری بعد نہ سوئیں:** کھایا ہوا کھانا صحیح طرح ہضم نہیں ہوگا۔ اس کی وجہ سے گیس اور آنتوں میں انفیکشن کا امکان ہے۔ (ڈاکٹر شاہانہ، کراچی)

........................*............*............*

سورۂ کافرون کا دم شدہ تیل اور بیماریوں سے نجات

مجھے لیاقت پور کے ایک بزرگ عالم اور عامل نے یہ عمل بتایا تھا کہ سرسوں کا تیل لے کر اس پر سورۂ کافرون ایک ہزار ایک مرتبہ ایک ہی نشست میں بیٹھ کر دم کریں۔ اگر اکیلے پڑھنا مشکل ہے تو ساتھ گھر والوں کو بٹھالیں لیکن تعداد یہی رہے۔ ایک بھی کمی بیشی نہ ہو۔ ہم لوگوں نے تیل دم کیا۔ مجھے جادو کی بہت تکلیف تھی۔ بیماریاں جان نہیں چھوڑتی تھیں۔ علاج کے ساتھ جب سے تیل رات کو استعمال کرنا شروع کیا تو شروع میں طبیعت کافی خراب ہوئی، مگر آہستہ آہستہ سنبھلنی شروع ہوگئی۔ تیل جسم پر رات کو مل کر سونا ہوتا ہے۔ اب الحمدللہ میری طبیعت بہت بہتر ہے۔ اور جب بھی کچھ اثرات محسوس ہوتے ہیں، تیل لگالیتی ہوں۔ صبح تک افاقہ ہوجاتا ہے۔

(آمنہ نسرین، رحیم یارخان)

........................*............*............*

شوگر کے علاج کے لیے مراقبہ

میری شوگر علاج کروانے کے باوجود بہت زیادہ رہتی تھی۔ انسولین بھی عرصہ سے استعمال کررہی ہوں، پرہیز بھی کرتی ہوں مگر میرا یہ مسئلہ حل ہونے میں نہیں آرہا تھا۔ یہاں تک کہ صبح fasting میں 250 تک بھی آتی رہی۔ پھر مجھے ایک بزرگ نے ایک مراقبہ بتایا اور جب سے میں نے

موتی اگر کیچڑ میں گرجائے تو بھی قیمتی ہے اور اگر آسمان پر چڑھ جائے تو بھی بے قیمت ہے

وہ شروع کیا ہے، مجھے الحمدللہ بہت فائدہ ہے۔ مرض ختم تو نہیں ہوا مگر یک دم بہت کمی ہوگئی ہے اور میری طبیعت بھی بہت بہتر رہتی ہے۔ ان بزرگ نے کہا تھا کہ جو بھی بیماری ہو اور علاج کروانے کے باوجود ٹھیک نہ ہو رہی ہو تو یہی مراقبہ کیا جائے۔ اور مجھے آگے بتانے کی بھی اجازت دی تھی۔ مراقبہ یہ ہے کہ رات کو باوضو پرسکون کمرے میں دو رکعت صلوٰۃ الحاجت برائے شفائے امراض پڑھ کر سلام پھیرنے کے بعد دعا کریں اور اندھیرا کرکے آرام دہ نشست پر بیٹھ جائیں۔ جو نیچے نہیں بیٹھ سکتے، وہ کرسی پر بیٹھ جائیں۔ تصور کریں کہ سامنے خانہ کعبہ ہے اور آسمان سے سفید رنگ کے نور کی تیز بارش ہو رہی ہے۔ خود کو میزابِ رحمت کے نیچے بیٹھا ہوا تصور کریں اور یہ تصور کریں کہ وہ جو نور کی بارش ہو رہی ہے، میزابِ رحمت کے نیچے مریض کے اوپر گر رہی ہے اور مریض اس میں نہا رہا ہے۔ ساتھ ہی منہ کھول کر اس نور کے سفید پانی کو پئیں بھی اور تصور کریں کہ یہ پانی پورے جسم میں جا رہا ہے اور جو بیماری ہے، وہ ختم ہو رہی ہے۔ اس پورے مراقبے کے دوران دل ہی دل میں اسم ذات ''اللہ'' کا ورد اس طرح کرنا ہے کہ شد پر تھوڑا رکنا ہے اور پھر مکمل کرنا ہے۔ کم از کم پانچ منٹ اور زیادہ سے زیادہ پندرہ منٹ کا انہوں نے کہا تھا۔ (نسیم، لاہور)

(مراقبہ وہی لوگ کریں جن کا دماغ کمزور نہیں۔ اگر کمزوری ہے تو مراقبہ کرتے وقت جب بھی سر میں درد شروع ہو جائے، چھوڑ دیں۔ خ)

....................*..........*

مردانہ جراثیم کی کمی کے علاج کے دو مجرب اعمال

۱.....بارش کے پانی پر معوذتین ایک سو ایک دفعہ کم از کم چالیس دن پینا ہے۔

۲.....روزانہ ایک بار سورۂ یٰسین اور ایک بار سورۂ یوسف سادہ پانی پر پڑھ کر دم کریں اور کم از کم چالیس دن استعمال کریں۔

یہ دونوں اعمال تجربہ میں آچکے ہیں اور مجرب ہیں۔ (محمد علیم، لاہور)

....................*..........*

آیاتِ شفاء سے ڈائلیسز سے نجات ملی

میرے چھوٹے بھائی کو گردوں کا مرض کافی عرصہ سے تھا۔ علاج پر کوئی خاص توجہ نہ دی گئی جس کی وجہ سے مرض بڑھتا گیا۔ جب تکلیف زیادہ ہونے لگی تو باقاعدہ علاج شروع کروایا مگر حالت نہ سنبھلی۔ آخر کار ڈائلیسز پر ڈاکٹرز نے بھائی کو ڈال دیا۔ ہمارے لئے کافی پریشانی بھی بنی کہ کرشن نگر سے شیخ زائد ہسپتال تک تکلیف کی حالت میں لیجانا کافی مشکل تھا۔ خیر علاج کروایا اور دوائیں بھی کھائیں مگر مرض سے نجات نہ ملی۔ ہمارے رشتہ کے چچا عامل ہیں۔ انہوں نے آیاتِ شفاء کی پلیٹیں لکھ کر دی اور پڑھنے کو کہا۔ الحمدللہ، چالیس دن مسلسل استعمال کرنے سے اب ڈائیلیسز سے بھائی کو نجات مل گئی ہے۔ (سید سہیل ہاشمی، لاہور)

....................*..........*..........*

اولادِ نرینہ کا بارہا کا مجرب نسخہ

خالد مقبول حفظہ اللہ

شعبہ روحانی علاج، دارالعمل چشتیہ کا اولادِ نرینہ کے لئے مجرب المجرب طبی نسخہ قارئین کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے۔ اس نسخہ کو لوگ بالکل نہیں بتاتے۔ عام سے اس نسخے کو جو کافی سستا بھی ہے، لوگ پیس کر کیپسول بھر کر اولادِ نرینہ کی دوائی کہہ کر ہزاروں روپوں میں فروخت کرتے ہیں۔ ہم نے علم پھیلانے کا جو مشن شروع کیا ہے، اسی کے پیشِ نظر یہ نسخہ سب کو دیا جا رہا ہے۔ اس میں کسی قسم کا کوئی سائیڈ افیکٹ بھی نہیں۔ اعتماد سے خواتین درج ذیل طریقہ پر استعمال کر سکتی ہیں۔ نسخہ یہ ہے:

۱.....تخم قنب — صبح نہار منہ ایک ماشہ پانی کے ساتھ

۲.....تخم شونگی — سوتے وقت چار عدد پانی کے ساتھ

حمل کے دوسرے ماہ سے شروع کرنا ہے اور ایک ماہ تک استعمال کرنا ہے۔ غذا میں بیسنی روٹی، دہی، مکھن، پنیر، ترش پھل، کیلشیم والی غذائیں استعمال کریں۔

شفائے امراض کے خاص اعمال

حکیم صوفی غلام سرور شباب صاحب (حویلی لکھا)

دردِ شقیقہ کا مجرب عمل

راقم الحروف نے یہ عمل اپنی کتاب ردِ سحر حصہ اول کے آخری باب میں تحریر کیا ہے۔ مریض خواہ مرد ہو یا عورت، خواہ قریب ہو یا دور، زمینی فاصلہ چاہے جتنا بھی ہو، صبح فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد سورج نکلنے سے پہلے دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت سے فضاء میں مشرق کی طرف منہ کر کے "بسم اللہ الرحمن الرحیم" تحریر کریں۔ تصور یہ کریں فلاں مریض کا علاج کر رہا ہوں۔ صرف ایک مرتبہ ہی عمل کرنے سے دائمی افاقہ ہوگا اور مستقل فائدہ ہوگا۔ اگر مریض کا نام معلوم ہو مثلاً عبد الرزاق وغیرہ تو نام کے ساتھ تصور کریں۔

جسمانی دردوں کا علاج

سانس اندر کھینچ کر سات مرتبہ دل میں بسم اللہ کا ورد کر کے دردِ سر، دردِ شقیقہ اور تمام جسمانی دردوں پر سانس باہر نکلتے ہوئے دم کریں۔ درد رک جائے گا۔ اگر کسر ہو تو ایسا تین مرتبہ کریں۔

بخار کیلئے

دائیں ہاتھ پر گنتے ہوئے بائیں ہاتھ کی پانچوں انگلیاں بند کر کے کھولتے جائیں اور بخار والے مریض کی پیشانی پر دم کرتے جائیں۔ ان شاء اللہ پانچ مرتبہ اس عمل کے کرنے سے بخار اتر جائے گا۔ یہ عمل کرامت سے کم نہیں۔

علاج بیماراں کا عجیب عمل

اگر کسی گھر میں جنات کا بسیرا ہو یا کسی گھر میں حشرات الارض بہت زیادہ ہوں یا کسی کو لاعلاج بیماری ہو اور کسی علاج سے فائدہ نہ ہوتا ہو یا کسی نیک عورت کا خون حیض بہت زیادہ بہتا ہو......سب کیلئے یہ عجیب عمل کرنے سے فائدہ کلی ہوگا۔ طریقہ یہ ہے کہ ایک ایسی فولادی چھری، جس کا دستہ بھی فولادی ہو، پر "بسم اللہ الرحمن الرحیم" کندہ کیا جائے۔ پھر اس چھری پر تین سو اکتیس (331) مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر دم کریں۔ پھر ایک مرغ لے کر اس چھری سے ذبح کریں۔ اور سر کاٹ کر مرغ چھوڑ دیں۔ جب مرغ بے سر راستہ چلے، اس وقت سر کو اٹھا کر اس مکان کے دروازے میں دفن کر دیں۔ جہاں جنات کا بسیرا ہو یا حشرات الارض ہوں، جنات و حشرات وہاں سے بھاگ جائیں گے۔ اگر اس مرغ کے سر کو روغن زیتون میں ڈبو کر بیماری والا اس کو اپنے بدن پر ملے تو بیماری اس کی دور ہوگی۔ اور جس عورت کا خون بہتا ہو، اس کو بھی فائدہ دیتا ہے۔

کند ذہنی دور کرنے اور تعلیم کی رغبت کے لئے

آب زم زم یا آب باراں پر سات سو چھیاسی (786) مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر دم کیا جائے اور کند ذہن کو چالیس یوم تک ایک چمچ روز پلایا جائے تو اس کا ذہن تیز ہو جائے گا۔ ایسے لڑکے یا لڑکیاں جو شکایت کرتی ہیں کہ ہمارا پڑھنے کو جی نہیں چاہتا یا دماغ کام نہیں کرتا، ان کو بھی ایک دو بوتل پانی کی تیار کر کے پینی چاہئیں۔

بچے زندہ رہیں

جس کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو، وہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کو اکسٹھ (61) مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے، ان شاء اللہ اس کی اولاد زندہ رہے گی۔

بسم اللہ شریف کے مختصر اعمال

1. بسم اللہ الرحمن الرحیم سات سو چھیاسی (786) مرتبہ سات دن تک کسی مریض پر دم کرنے سے مریض صحت یاب ہو جاتا ہے۔
2. مرگی والے کے کان میں چالیس مرتبہ پڑھنے سے افاقہ ہوتا ہے۔
3. اگر انیس مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھ کر کوئی عورت اپنے پاس رکھے تو انشاء اللہ حاملہ ہو جائے گی۔ اور جس درخت میں پھل نہ آتا ہو، اس پر باندھنے سے وہ درخت ثمر دار ہو جائے۔

ہر مرض سے شفایابی اور دردِ زہ سے نجات کیلئے

اگر بسم اللہ الرحمن الرحیم کو چالیس مرتبہ شیشے کے برتن پر مشک و زعفران سے تحریر کر کے آب زم زم، آب باراں یا کنوئیں کے میٹھے پانی سے دھو کر جس مریض کو پلائیں، شفایاب ہوگا۔ اگر دردِ زہ والی عورت پیے تو فوراً بچہ پیدا ہوگا۔

بانجھ پن اور اٹھرا

جس عورت کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں، مر جاتے ہوں......اٹھرا کی وجہ ہو یا کوئی اور وجہ یا ایسی عورت جو بانجھ ہو۔ ایک سفید کاغذ پر بسم اللہ الرحمن الرحیم ایک سو دس (110) مرتبہ لکھ کر گلے میں ڈال دیں تو بے شک

ہوشیاری یا چالاکی۔ ہرگز ذہانت کی علامت نہیں

اس کے بچے زندہ رہیں گے اور طویل عمر پائیں گے۔ بانجھ عورت کیلئے حیض سے پاک ہونے کے بعد گلے میں ڈال دیں تو وہ ان شاء اللہ حاملہ ہو جائے گی۔

شفاالامراض

ہر قسم کے مرض سے شفاء حاصل کرنے کے لئے جمعہ کی نماز کے بعد عصر تا مغرب تک باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر انتہائی یکسوئی کے ساتھ "یا اللہ" ورد کرنا بہت جلد اپنا اثر دکھاتا ہے۔ موت کے علاوہ ہر تکلیف دہ مرض سے شفاء حاصل ہو جاتی ہے۔ زچہ کیلئے بھی اس اسم پاک میں بے شمار شفائی اثرات ہیں۔ کسی بھی میٹھی چیز پر ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ یا اللہ پڑھ کر دم کریں اور حاملہ کو ہر روز کھلاتے رہیں۔ اسم اللہ بے شمار امراض سے شفاء کا باعث ہے۔ اگر کسی کو سر، کمر، سینہ یا پسلی میں درد کی شکایت پیدا ہو جائے تو عامل باوضو حالت میں درد کے مقام پر سات مرتبہ "یا اللہ" انگشت شہادت سے بغیر روشنائی کے لکھے۔ دن میں پانچ یا سات مرتبہ اس عمل کے کرنے سے اللہ کے فضل وکرم سے درد رفع ہو جائے گا۔

مرض نسیان اور دل کی سختی

حافظے کی کمزوری دور کرنے اور مرض نسیان کی صورت میں ہر نماز کے بعد "یارحمٰن" ایک سو ایک (101) مرتبہ پڑھنا بہت فائدہ دیتا ہے۔ اس سے یادداشت میں بہتری پیدا ہو جاتی ہے۔ اگر کوئی سخت دل ہو تو اس کیلئے ایک گلاس پانی لے کر ایک سو ایک (101) مرتبہ اسم مبارک کو پڑھ کر دم کر کے اسے یہ پانی پلا دیا جائے تو اس سے اس کے دل کی سختی نرمی میں بدل جائے گی۔

رعشہ کا علاج

اگر کسی کو رعشہ کا عارضہ لاحق ہو تو باوضو ہو کر ایک کپ پانی لیں۔ صبح کی نماز پڑھنے کے بعد اسی جگہ پر بیٹھ کر ایک سو ایک (101) مرتبہ اسم یارحمٰن پڑھ کر دم کریں اور رعشہ کے مریض کو صبح نہار منہ ہر روز پلائیں۔ مسلسل عمل سے جلد ہی مرض میں افاقہ ہونا شروع ہو جائے گا۔ اور ان شاء اللہ شفاء حاصل ہو جائے گی۔

نسیان کا علاج اور ذہن میں وسعت

اگر کسی کو مرض نسیان لاحق ہو اور وہ بھول جانے کی عادت میں مبتلا ہو یا کسی بچے کا ذہن کند ہو.....ایسی صورت میں طاق دنوں کے حساب سے یعنی پانچ، سات، گیارہ، اکیس دن تک ہر روز صبح نہار منہ تازہ پکی ہوئی روٹی پر باوضو حالت میں سات مرتبہ انگشت شہادت سے "یا اللہ" لکھیں اور کھالیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بھولنے کا عارضہ جاتا رہے گا اور ذہن میں وسعت پیدا ہو جائے گی۔

آشوب چشم اور آنکھوں کا درد

اگر کسی کو آشوب چشم کا عارضہ لاحق ہو اور آنکھیں بہت سخت دکھتی ہوں تو ظہر کا وقت شروع ہونے سے پہلے باوضو ہو کر ایک گلاس پانی لیں اور قبلہ رو بیٹھ کر اکتالیس مرتبہ اسم مبارک "اللہ" کو پڑھیں اور پانی پر دم کریں۔ اس کے بعد اس پانی میں سلائی ڈبو کر ہر آنکھ میں سات سات مرتبہ سلائی پھیریں۔ تین یوم تک اس عمل کے کرنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ آشوب چشم کا عارضہ جاتا رہے گا اور آنکھیں دکھنی ٹھیک ہو جائیں گی۔ اس کے علاوہ آنکھوں کے درد کی صورت میں عامل باوضو ہو کر انگشت شہادت سے ماتھے پر سات مرتبہ اسم مبارک "رحمٰن" کو لکھے، ان شاء اللہ تعالیٰ اس سے آنکھوں میں ہونے والا درد جلد رفع ہو جائے گا۔

کند ذہن کیلئے

اگر حرف "الف" کو ایک ہزار مرتبہ لکھ کر کند ذہن کے سینہ پر لٹکائیں تو اس کا ذہن ٹھیک ہو جائے اور جو کچھ وہ سنے گا یاد رکھے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

رگوں، گوشت، ہڈیوں اور تمام اعضاء سے بیماریوں کو نکالنے کا خاص عمل

حضرت علامہ ابو محمد عبداللہ یمنی رحمۃ اللہ علیہ الدر النظیم میں لکھتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ "جو شخص مینہ کے پانی پر سورۃ فاتحہ ستر بار، آیت الکرسی ستر بار، سورۃ اخلاص ستر بار اور معوذتین ستر بار پڑھ کر دم کرے، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ جبرائیل علیہ السلام نے آکر مجھے خبر دی ہے کہ جو شخص اس دم کئے ہوئے پانی کو سات روز تک متواتر یعنی بلا ناغہ پیتا رہے گا، اللہ تعالیٰ اس کے جسم سے ہر ایک بیماری زائل کر کے اسے صحت بخشے گا۔ اس کی رگوں، گوشت، ہڈیوں اور تمام اعضاء سے بیماریوں کو نکال دے گا۔"

آنکھیں آنا، ضعفِ بینائی

صاحب درالنظیم تحریر کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں "جس شخص کی آنکھیں آگئی ہوں یا بینائی میں ضعف آگیا ہو وہ چاند کی پہلی رات یا دوسری رات ہلال کو دیکھ کر اپنا دایاں ہاتھ اپنی دونوں آنکھوں پر پھیر کر سورۂ فاتحہ دس مرتبہ معہ بسم اللہ الرحمن الرحیم اور آمین کے، سورۂ اخلاص تین مرتبہ اس کے بعد شِفَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ سات مرتبہ اور یَارَبِّ پانچ مرتبہ

پڑھے۔ خدا کے حکم سے اس کی آنکھ کی بیماری جاتی رہتی ہے اور بینائی قوی ہو جاتی ہے۔"

ہر مرض سے شفاء

سورۃ الفاتحہ کو نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان اعوذ باللہ اور بسم اللہ شریف کے ہمراہ اکتالیس بار بلاناغہ پڑھیں۔ دوران عمل ان چار باتوں کا بطور خاص خیال رکھیں کیونکہ یہی اس عمل کی اصل ہیں۔

1. بسم اللہ شریف کی آخری میم کو الحمد کے لام کے ساتھ ملا کر پڑھیں یعنی اس طرح مِلحَمْدُلِلّٰہ۔ اگر سمجھ میں نہ آئے تو کسی نزدیکی صاحب علم سے مدد حاصل کریں۔
2. الرحمن الرحیم کی تین بار تکرار کریں اور یہاں خدا کی اس صفت کو مدِ نظر رکھیں۔
3. ایاک نعبد وایاک نستعین کو تین بار پڑھیں۔ یہاں اپنے مقصد اور مراد کو تصور میں لائیں۔ نیز اپنے کام کے سلسلہ میں اللہ سے مدد مانگیں۔
4. آخر میں آمین کو تین بار پڑھیں۔

شفاء الامراض

حضور اکرم ﷺ فرماتے ہیں "الفاتحۃ شفاء من کل داء"

سورۃ فاتحہ سے شفاء الامراض کا ایک خاص عمل جو بزرگوں سے منقول ہے اور کئی مرتبہ کا مجرب ہے، ایسے تمام امراض جن کے علاج سے ڈاکٹر اور اطباء حضرات عاجز آ گئے ہوں، ان امراض کیلئے یہ عمل قوی الاثر ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کی آخری میم الحمد شریف کے لام سے وصل کر کے لکھیں یعنی اس طرح ملحمد للہ اور پوری سورۃ فاتحہ آمین تک لکھیں۔ پھر ان الفاظ کا اضافہ کریں۔ یا حی حین لا حی فی دیمومۃ ملکہ وبقائہ یا حی۔

یہ عمل کسی شیشے کی صاف پلیٹ یا لوہے چینی کی صاف پلیٹ پر لکھیں۔ روشنائی ماء الورد میں زعفران ملا کر تیار کریں اور سرکنڈے کے نئے قلم سے تحریر کریں۔ ایک پلیٹ روزانہ نہار منہ عرق گلاب سے دھو کر مریض کو پلا دیں۔ بلاناغہ چالیس یوم تک ایسا کریں۔ ان شاء اللہ چالیس یوم کے عمل سے مرض لاعلاج سے شفا ملے گی۔

دردوں کو سلب کرنے کا لاثانی عمل

دردوں کو سلب کرنے کا یہ مشہور عمل ہے۔ اکثر عملیات کی کتب میں ملتا ہے اور کثر عاملین کے تجربہ میں ہے۔ میرے معمولات میں الحمد شریف کا عمل ہے۔ طریقہ یہ ہے۔

"یا سمعلونی والمطانی" کسی کاغذ پر خوشخط جلی حروف میں لکھ کر کسی دیوار یا درخت پر کاغذ کو رکھ کر ایک لوہے کا کیل ان حروف پر ٹھونکیں اور ایک بار مع بسم اللہ الحمد شریف پڑھیں۔ بسم اللہ کی میم کو الحمد کے لام کے ساتھ ملا کر پڑھنا ہے۔ درد والا شخص مقام درد پر اپنا سیدھا ہاتھ یا شہادت کی انگلی رکھے۔ عامل دم کرے اور کیل کو حرف پر گاڑ دے۔ پھر مریض سے دریافت کرے۔ مریض مقام درد سے انگلی اٹھا کر بتائے۔ جب آرام آ جائے تو اس حرف پر لوہے کے کیل کو ٹھونک دیں۔ درد ہمیشہ کیلئے سلب ہو جائے گا۔ بعض عاملین درد کی مدت مقرر کر دیتے ہیں۔ مقرر کردہ مدت کے بعد درد پھر شروع ہو جاتا ہے۔ مدت مقرر نہیں کرنا چاہئے۔

سر درد کیلئے	ی	پر کیل ٹھونکیں
درد دنداں کیلئے	س	پر کیل ٹھونکیں
درد حلق کیلئے	م	پر کیل ٹھونکیں
کان درد کیلئے	و	پر کیل ٹھونکیں
بخار کیلئے	ط	پر کیل ٹھونکیں

سلب اوجاع

یہ عمل پہلے عمل کی طرح مشہور و معروف ہے۔ بے شمار لوگوں کے تجربہ میں آ چکا ہے۔ عملیات کی ہر کتاب میں درج ہے۔ ربع صدی سے میرے معمولات میں ہے۔ یہ دونوں اعمال قوی الاثر اور سریع الاثر میں اپنا ثانی نہیں رکھتے۔ طریقہ یہ ہے کہ ابجد ہوز حطی کلمن سعفص قرشت پہلے دو یا تین کلمات کو سبط کر کے لکھیں یعنی = اب ج د ھ و ز ح ط ی

کسی کاغذ پر حروف لکھ کر ایک ایک حرف پر لوہے کا کیل لے کر اس کی نوک ٹیک کر الحمد شریف مع بسم اللہ پڑھیں مگر اس طرح ملحمد اللہ یعنی م اور حمد کو ملا کر پڑھیں اور دم کریں۔ جب کہ درد والا شخص مقام درد پر اپنی شہادت کی انگلی رکھے۔ ایک بار دم کرنے کے بعد مریض سے پوچھیں کہ درد ختم ہوا یا نہیں؟ اگر مریض کہے کہ ہے تو اگلے حروف پر حسب طریق دم کریں یعنی "اب ج د" اگر پہلے حرف پر درد ختم نہ ہو تو دوسرے حرف پر کیل ٹھونکیں اور دم کریں۔ اسی طرح تیسرے چوتھے پر یہاں تک کہ درد ختم ہو جائے۔ پس جس حرف پر درد ختم ہو، اسی حرف پر کیل ٹھونک دیں۔ یہ عمل دردِ دنداں، درد سر، پسلی کا درد اور ریحی درد کیلئے

اکسیر ہے۔ آزمائش شرط ہے۔

امراضِ بدنی کا علاج

ملک یوم الدین برائے امراض بدنی۔ خواہ کوئی مرض ہو، اس کا مجرب علاج ہے کہ اس آیت شریفہ کو ایک سو پچاس مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور یہ نقش گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الدین	یوم	ملک
ملک	الدین	یوم
یوم	ملک	الدین

بیماریوں سے شفاء کیلئے

اگر کوئی بیمار حکماء اور اطباء سے علاج کروا کر تھک گیا ہو اور کسی سے بھی شفایابی نہ ملی ہو تو سورۃ فاتحہ معہ بسم اللہ سات مرتبہ زعفران ومشک اور ماء الورد سے روشنائی تیار کر کے کسی چینی کی پلیٹ پر لکھیں اور پھر اس پر ۱۴۳ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں۔ پھر شہد اور پانی سے دھو کر نیم گرم کر کے بیمار مریض کو روزانہ نہار منہ ہفتہ عشرہ تک پلائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ صحت کاملہ ملے گی۔

دافع وسواس

اگر کسی کو دورانِ ریاضت یا اکثر وسوسے لاحق ہوتے ہوں تو اس کیلئے ضروری ہے کہ کوئی میٹھی چیز مثلاً چینی، قند یا شہد وغیرہ کھائے اور پھر ہمت پیدا کرے اور شعر درج ذیل کو تین مرتبہ تلاوت کرے۔ پھر یہ عبارت سات مرتبہ پڑھ کر سورۃ الناس سات مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ وسوسے ختم ہو جائیں گے۔ عبارت یہ ہے:

سُبْحَانَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ الْخَلَّاقُ الْفَعَّالُ اِنْ يَّشَا يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْز

اس شعر میں اللہ تعالیٰ کے چار اسماء کا ذکر ہے۔ آج۔ اَهْوَج۔ جَلْ جَلْيُوْت۔ جَلْجَلَتْ۔ آجِ سے اللہ، اَهْوَجِ سے الاحد، جَلْ جَلْيُوْتِ سے البدیع اور جَلْعَلَت سے القادر مراد ہیں۔ ان چاروں اسماء میں بہت زیادہ راز مخفی ہیں۔ چند خواص تحریر ہیں۔ شعر یہ ہے

سَاَلْتُكَ بِالْاِسْمِ الْمُعَظَّمِ قَدْرُهٗ

بِآجِ اَهْوَجٍ جَلْ جَلْيُوْتِ جَلْجَلَتْ

جملہ امراض کا علاج

تمام امراض کو دور کرنے کیلئے یہ نقش مبارک قوی الاثر ہے۔ ہر قسم کی درددوں مثلاً عرق النساء، وجع المفاصل وغیرہ سب کے لئے نقش لکھ کر مناسب روغن میں ڈال کر درد والے عضو کی مالش کریں۔ دیگر امراض میں مشک وعفران سے لکھ کر عرق گلاب سے دھو کر مریض کو صبح دوپہر شام پلائیں۔ ان شاء اللہ ہر مرض سے شفاء ہوگی۔ نقش یہ ہے:

☆	G	ع	||||	#	م	ااا	☆
ااا	☆	G	ع	||||	#	م	ااا
م	ااا	☆	G	ع	||||	#	م
#	م	ااا	☆	G	ع	||||	#
||||	#	م	ااا	☆	G	ع	||||
ع	||||	#	م	ااا	☆	G	ع
G	ع	||||	#	م	ااا	☆	G
☆	G	ع	||||	#	م	ااا	☆

آیات الشفاء

قرآن حکیم میں چھ آیتیں ہیں، جن کو آیات الشفاء کہا جاتا ہے۔ یہ نہایت عظیم الشان آیات ہیں۔ اگر ان کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور سورۃ فاتحہ کے ساتھ چینی کی رکابی پر لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں تو مریض کو بہت جلد شفاء ہوتی ہے۔ وہ آیات یہ ہیں:

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿سُوْرَةُ التَّوْبَة: ۱۴﴾۔ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ﴿سُوْرَةُ يُوْنُس: ۵۷﴾۔ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ ﴿سُوْرَةُ النَّحْل: ۶۹﴾۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿سُوْرَةُ بَنِيْ اِسْرَآءِيْل: ۸۲﴾۔ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ﴿سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ: ۸۰﴾۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاءٌ ﴿سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَة: ۴۴﴾

ان آیات کو پڑھ کر مریض پر دم بھی کیا جا سکتا ہے۔ ہر مرض کے لئے نافع ہے۔

حروف سے شفاء کا مخفی طریقہ

حکیم صوفی غلام سرور شباب صاحب (حویلی لکھا)

کلمات	تفصیل
ابجد	ان چاروں حروف کی حکمرانی سر پر ہے
ہوزح	ان چاروں حروف کی حکمرانی داہنے بازو پر ہے
طیکل	ان چاروح حروف کی حکمرانی بائیں بازو پر ہے
منسع	ان چاروں حروف کی حکمرانی پشت پر ہے
فصقر	ان چاروح حروف کی حکمرانی شکم پر ہے
شتثخ	ان چاروح حروف کی حکمرانی داہنی ران پر ہے
ذضظغ	ان چاروح حروف کی حکمرانی بائیں ران پر ہے

امراضِ سر

کلمہ ابجد کی حکمرانی سر پر ہے۔ اس کلمہ کے حروف مفردہ کا نقش با مؤکل کل امراض سر کے لئے مفید ہے۔ خصوصاً پاگل پن، سر کے بالوں سے گردن تک سب امراض کے لئے مثلاً بالوں کا گرنا، بال خورا، گنج، کمزوری دماغ، نسیان دردسر، دردکان ودانت امراض چشم، آواز کا بند، حلق میں درد ہونا اور لکنت وغیرہ کل امراض کے لئے یہ نقش ساعت زہرہ میں لکھ کر سر میں باندھیں۔

دماغی امراض خصوصاً پاگل پن، نسیان، مالیخولیا کے لئے ہر روز یہی نقش چینی یا شیشے کی طشتری میں عرق وگلاب وزعفران سے تحریر کر کے دھو کر مریض کو نہار منہ پلائیں۔ مدت کم از کم اکتالیس یوم ہے۔ دماغی کمزوری، بال گرنا اور بال خورا کے لئے روغن کنجد یا روغن بیضہ مرغ میں نقش ڈال کر اس روغن کی مالش کریں اس طرح تمام امراض کو سمجھیں۔ نقش یہ ہے:

امراض دست راست

کلمہ ہوزح کی حکمرانی سیدھے ہاتھ کے ناخن سے لے کر نصف شانے تک ہے اس کلمہ کے الفاظ مفردہ کا نقش با مؤکل منسوبہ حصے میں کسی قسم کے درد تکلیف، اس حصہ کی طرف کے فالج وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ ساعت مشتری میں لکھ کر بازو پر باندھنے کو دیں اور یہی نقش چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔ نقش یہ ہے:

امراض دست چپ

نصف سینے سے لے کر الٹے ہاتھ لئے کلمہ طیکل کے حروف مفردہ کا نقش با مؤکل مفید ہے اس حصہ کے ہر مرض ہر تکلیف بائیں طرف کے فالج، شانے کا درد، جوڑوں کے درد، امراض دل، گھبراہٹ (ہارٹ اٹیک) یعنی دل کی تمام امراض کے لئے ساعت مریخ میں لکھ کر الٹے بازو پر باندھنے کو دیں اور یہی نقش چینی کی طشتری پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔ کم از کم اکتالیس یوم تک۔ نقش یہ ہے:

اجب یا اسماعیل بحق طا

ط	ی	ک	ل
ل	ک	ی	ط
ی	ط	ل	ک
ک	ل	ط	ی

امراضِ پشت

کلمہ منسع کی حکمرانی پشت پر ہے اس کلمہ کے حروف مفردہ کے نقش با مؤکل کو ان امراض کے لئے استعمال میں لائیں۔ مثلاً کمر درد، پھیپھڑوں کی تکلیف، دمہ، سل، دق، رقت منی، احتلام جریان وغیرہ کے امراض میں ساعتِ شمس میں لکھ کر کمر پر باندھیں اور یہی نقش کسی شیشے کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔ نقش یہ ہے:

اجب یا رومائیل بحق میم

م	ن	س	ع
ع	س	ن	م
ن	م	ع	س
س	ع	م	ن

امراضِ شکم

کلمہ فصقر کی حکمرانی شکم پر ہے اس کلمہ کے حروف مفردہ کا نقش با مؤکل امراض شکم کے لئے استعمال میں لائیں۔ مثلاً دردِ شکم، ناف کا درد، قولنج، گیس، تبخیر معدہ، آنتوں کے جملہ امراض، گردہ اور مثانہ کی تمام امراض میں یہ نقش ساعت زہرہ میں لکھ کر متاثرہ جگہ باندھیں اور یہی نقش طشتری پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔ نقش یہ ہے:

اجب یا سرحمائیل بحق فا

ف	ص	ق	ر
ر	ق	ص	ف
ص	ف	ر	ق
ق	ر	ف	ص

امراض پائے راست

کلمہ شتشغ کی حکمرانی داہنی ران سے پاؤں کی انگلیوں تک ہے۔ اس کلمہ کے حروف مفردہ کا نقش با مؤکل اس حصہ میں ہر قسم کی درد، ہر قسم کی تکلیف، مثلاً عرق النساء، ریگن کے درد، وجع المفاصل وغیرہ میں ساعت عطارد میں لکھ کر ران پر باندھیں اور یہی نقش لکھ کر پلائیں۔ نقش یہ ہے:

اجب یا ھمرائیل بحق شین

ش	ت	ث	خ
خ	ث	ت	ش
ت	ش	خ	ث
ت	خ	ش	ث

امراض پائے چپ

کلمہ ذضظغ کی حکمرانی بائیں ران سے پاؤں کی انگلیوں تک ہے اس کلمہ کے حروف مفردہ کا نقش با مؤکل اس حصہ میں ہر قسم کی تکالیف مثلاً بائیں پاؤں میں ریگن کا درد، جوڑوں کا درد وغیرہ میں ساعت قمر میں لکھ کر بائیں ران میں باندھنے کو دیں اور یہی نقش لکھ کر پلائیں۔

نقش صفحہ 110 پر ملاحظہ فرمائیں۔

غصہ کا روحانی علاج

غصہ ایک نفسیاتی و روحانی مرض ہے۔ آج کل کے ٹینشن زدہ دور میں غصہ کا مرض عام ہوتا جا رہا ہے۔ برداشت کی بہت کمی ہوتی جا رہی ہے۔ اور غصہ کی زیادتی کی وجہ سے کئی بار بہت بڑا نقصان بھی اٹھانا پڑ جاتا ہے۔ رشتہ داریاں بھی ختم ہو جاتی ہیں۔ لہٰذہ دارالعمل چشتیہ کے روحانی علاج گاہ نے چالیس تعویزوں پر مشتمل چالیس یوم کا ایک کورس تیار کیا ہے، جس کو کرنے سے غصہ کے مرض پر قابو پایا جا سکتا ہے۔

ایک کورس کو جتنے چاہے مریضوں کو دیا جا سکتا ہے۔ فی کورس نو سو (900) روپے ہدیہ ہے۔

(042) 35033371 0343-7772772
مولانا علی آفاق 0321-4168008
مولانا محمد عرفان 0321-4661681
spiritualist77@gmail.com
www.darulamal.org/ruhanishop

"لاحول ولا قوۃ... العظیم" کے عامل بنیں

لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کا عمل جنات اور جادو کا علاج کرنے والے عاملین کے لئے بڑے ہتھیاروں میں سے ایک ہتھیار ہے۔ اس کا بڑا عامل بننے کے لئے بڑا چلہ کرنا پڑتا ہے۔ چلہ کرنے کے بعد جنات کی ایک جماعت عامل کی غیبی معاونت کرتی ہے۔ جن عاملین کو روحانی بصیرت حاصل ہے، ان کو وہ جماعت نظر بھی آتی ہے۔ اور بڑے بڑے شیاطین اور جنات کا خوب مقابلہ کرنے کی طاقت رکھتی ہے۔

جو لوگ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کا عمل کرنا چاہیں، وہ مزید تفصیلات و اجازت کے لئے رابطہ فرمائیں۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور
فون (دفتر): 042-35033371 موبائل (دفتر): 0343-7772772
darulamal.org/ruhanidarsgah, info@darulamal.org

خزینہ روحانیات کے معزز ممبران کے لئے دارالعمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ کے چند تحفے

درج ذیل تمام اعمال صرف ممبران کے لئے ہیں۔ ان کو سکھانے کی کوئی فیس نہیں۔ غیر ممبر سے فیس وصول کی جائے گی۔

1. **درودِ ابراھیمی** روحانی ترقی کا خاص عمل جس کا عامل بننے سے دوسرے اعمال اور علاج کی تاثیر بڑھ جاتی ہے۔
2. **درودِ تنجینا** غیبی مدد اور روحانی ترقی اور مشکلات کے حل کے لئے عجیب تاثیر رکھتا ہے۔
3. **سورۂ ناس کا خاص عمل** اپنا اور اپنی فیملی کے روحانی علاج کرنے کا خاص عمل۔ جنات، جادو اور بیماریوں کے علاج میں مفید ہے۔
4. **سورۂ فاتحہ** ہر قسم کی بیماریوں سے نجات کے لئے پرتاثیر عمل ہے۔
5. **معوذتین** جادو، جنات، شیاطین اور نظرِ بد کے اثرات کو ختم کرنے کا مجرب عمل۔ صرف اپنے اہلِ خانہ کے علاج کے لئے۔
6. **تسخیر کا عمل** کسی خاص شخص یا پھر تسخیرِ خلائق یعنی مخلوق کا ہجوم رہے، اس کے لئے ایک مفید عمل۔
7. **فراخیٔ رزق کا مجرب عمل** رزق کی فراخی، کاروبار کی ترقی، ادائیگی قرض اور معاش سے متعلق ہر قسم کی حاجت پوری ہونے کا خاص عمل۔
8. **حصار** جادو، جنات، شیاطین اور تمام تکلیف دینے والی غیبی مخلوق سے حفاظت کا عمل۔

E-mail:info@darulamal.org

رابطہ روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور۔
(042) 35033371, 0343-7772772
Web:www.darulamal.org/ruhanidarsgah
Blog:www.ruhanidarsgah.blogspot.com

روحانی تشخیص کا خاص عمل

خالد مقبول

روحانی تشخیص کرنا کتنا اہم ہے، اس کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔آج معاشرے میں جادوٹونہ عام ہے، شیطانی اثرات نے ہر کسی کو کسی نہ کسی حد تک متاثر کیا ہوا ہے۔ گناہوں کا ایک سیلاب ہے جس میں لوگ نہا رہے ہیں۔ ہر طرف مشکلات، پریشانیاں اور طرح طرح کی بیماریاں پھیلی ہوئی ہیں۔ایسے میں ایک بہت بڑا فتنہ ''جعلی پیر، جعلی عامل، جعلی روحانی معالج'' کا ہے جو عوام الناس کو لوٹنے میں مصروف ہیں۔ جسمانی معالج تو اگر لوٹے بھی تو صرف روپیہ پیسہ ہی لوٹ سکتا ہے۔الا ماشاء اللہ عزت پر ہاتھ ڈالتا ہے۔ یہ جعلی روحانی معالجین دولت کے ساتھ ساتھ ایمان وعزت کو بھی نہیں چھوڑتے۔ اور اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ لوگ خود سے یہ معلوم نہیں کر سکتے کہ ان پر جادو یا جنات کے اثرات ہیں یا نہیں۔لوگوں میں یہ تصور ہے کہ یہ تشخیص تو صرف عامل ہی کر سکتے ہیں، پیر صاحب ہی کر سکتے ہیں۔ جب کہ حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے۔ایک عام آدمی بھی یہ تشخیص سیکھ سکتا ہے اور کم از کم اپنی اور اپنے گھر والوں کی کر سکتا ہے۔اور ہمارا مشن بھی یہ ہے کہ روحانی تشخیص کرنا سب کو سکھائیں تا کہ لوگ ان جعلی عاملین سے بچ سکیں۔ذیل کا عمل ہر کوئی کر سکتا ہے۔ تھوڑی سی رہنمائی کافی ہوگی۔اس عمل کی عام اجازت ہے۔

کپڑے کے ذریعے تشخیص کرنا

مریض کا ایک رات پہنا ہوا کپڑا لیں۔ کپڑا وہ لیں جو جسم سے لگا ہو یعنی بنیان، قمیض، شمیز وغیرہ۔اس کپڑے کو ناپ لیں اور اس پر ایک یا تین مرتبہ ''منزل'' کا وظیفہ پڑھ کر دم کریں۔ ایک بار وہ لوگ دم کریں جن کے روزانہ کے ورد میں منزل کا وظیفہ ہے۔جو لوگ کبھی کبھار پڑھتے ہیں، وہ تین بار پڑھ کر دم کریں۔دم ایک سے زائد کپڑوں پر اکٹھا کیا جا سکتا ہے۔ دم کے بعد دوبارہ کپڑے کو ناپیں۔اگر ناپ میں فرق آ جائے تو اس کا مطلب ہے کہ روحانی معاملہ ہے۔اگر کپڑا بڑھ جائے تو آسیب، جنات وشیاطین کے اثرات ہیں اور اگر کپڑا کم ہو جائے تو جادو کا معاملہ ہے۔اس عمل کے ذریعے ہر کوئی خود کو اور اپنے گھر والوں کو ضرور چیک کرے تا کہ اثرات ہونے پر کسی مستند اور اچھے روحانی معالج سے علاج کروائے۔ اور اس معالج سے بھی تشخیص کروائے تا کہ مزید تسلی ہو جائے۔

اسی عمل کے ذریعے گھر کو یا کسی جگہ کو بھی چیک کیا جا سکتا ہے۔اگر گھر کے کسی کمرے کو چیک کرنا ہے تو ایک صاف ستھرا کپڑا لے کر اس کو کمرے کے چاروں کونوں میں رگڑ کر کمرے ہی میں رکھ دیں تا کہ ساری رات پڑا رہے۔ پھر صبح کپڑا اٹھا کر دوبارہ کونوں میں رگڑیں۔ پھر اس کو ناپ کر نشان لگا دیں اور منزل کا دم کریں۔ کپڑے کا سائز ایک فٹ لمبا اور دو انچ چوڑا کافی ہوتا ہے۔ یاد رکھیں کہ مریض جس کمرے میں رہتا ہے، سوتا ہے، اس کمرے کو لازمی چیک کرنا چاہئے۔ اسی طرح جو بیت الخلا مریض کے استعمال میں ہے، اس کو بھی چیک کرنا چاہئے۔ بیت الخلا چیک کرتے ہوئے کپڑا کسی اونچی جگہ رکھیں یعنی ناپاکی سے دور ہو۔

اگر یہ معلوم کرنا ہو کہ جسم کے خاص حصے میں جو مرض ہے، وہ جسمانی ہے یا پھر جادو اور جنات کے اثرات ہیں تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ وہ کپڑے کا حصہ جو متاثرہ جگہ پر مس کر رہا ہو، اس پر نشان لگائیں تا کہ اندازہ رہے کہ یہی حصہ ناپنا ہے۔ پھر مریض ساری رات وہ کپڑا پہنے اور دھیان رہے کہ نشان زدہ حصہ مریض کے متاثرہ حصہ کو مس کرتا رہے۔ صبح اس نشان زدہ حصہ کو ناپ لیں اور اس پر منزل کا دم کریں۔ اگر کوئی فرق نہ پڑے تو معلوم ہو گیا کہ اس حصہ پر جو بیماری ہے، وہ جادو اور جنات کی وجہ سے نہیں بلکہ جسمانی بیماری ہے۔اس کا علاج ڈاکٹر یا حکیم سے کروایا جائے۔

ناپنے میں صرف جسم کے اوپر والا کپڑا ہی استعمال ہوتا ہے۔ پینٹ، شلوار وغیرہ کو چیک نہیں کرتے۔ اگر متاثرہ حصہ چیک کرنا ہو تو اور بات ہے۔اس میں بھی ناپاک حصہ کو چیک نہیں کیا جاتا۔روحانی تشخیص کے اور بھی بہت طریقے ہیں۔ جو لوگ سیکھنا چاہیں، وہ ہماری روحانی درسگاہ سے سیکھ سکتے ہیں۔ اللہ ﷻ یہ عمل کرنے والوں کو کامیابی عطا فرمائیں۔ آمین

کراماتِ جفر۔۔۔لوح خاص شفائے امراض

محمد اسد اللہ سلیمانی صاحب (جھنگ)

قارئین کی خدمت میں بیماریوں سے بچنے اور شفا حاصل کرنے کے لیے خاص الخاص لوح خاص شفائے امراض تحریر کرکے آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں۔آج کا انسان مختلف بیماریوں میں گرفتار ہے۔کسی کو شوگر اور کسی کو یرقان اور کوئی اور طرح کی مہلک بیماری میں مبتلا ہے۔اس کے علاج کیلئے ہم ہر قیمت ادا کرنے پر تیار ہوجاتے ہیں، جب ہمیں کوئی خطرناک مرض لگتا ہے لیکن شفاء کسی کسی کو ہی ملتی ہے اور ڈاکٹر صاحبان کی منہ مانگی قیمت بھی دیتے ہیں لیکن اگر ہم لوگ اللہ تعالیٰ کی کلام اور سنت نبوی ﷺ پر عمل کریں تو شفا جلد مل سکتی ہے لیکن آج کا انسان ان پر عمل نہیں کرتا ہے۔اور اعتقاد زیادہ تر ڈاکٹروں اور حکیموں پر رکھتا ہے۔حالانکہ اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں فرماتا ہے ''اور ہم قرآن میں نازل کرتے ہیں وہ شفاء جس سے تمام روگ دفع ہوں اور رحمت ایمان والوں کے واسطے''۔لیکن پھر بھی ہم اس طرف نہیں آتے ہیں۔یہ ایمان میں کمزوری کی علامت ہے کہ قرآن ہمیں شفاء کیلئے پکار رہا ہے اور ہم کسی اور کی طرف دیکھ رہے ہیں۔گزشتہ زمانوں کے لوگوں نے ان امراض کا نام بھی سنا نہیں ہوتا ہوگا جو آج ہم سن بھی رہے اور دیکھ بھی رہے ہیں۔اللہ تعالیٰ ہمارے حال پر رحم فرمائے اور بیماریوں اور پریشانیوں سے محفوظ رکھے۔آج جو لوح خاص شفائے امراض پیش کر رہا ہوں، یہ بے شمار امراض کے واسطے استعمال کرسکتے ہیں مثلاً اولاد کا نہ ہونا، بانجھ پن، شوگر، کینسر، بلڈ پریشر، فالج، لقوہ، خونی وبادی بواسیر، اختلاج قلب، ہیپاٹائٹس، جگر کے امراض، مرگی، موٹاپا، یرقان، بخار، ڈینگی، آنکھوں کے امراض، گردوں کے امراض، الرجی، معدہ کے امراض، سردرد، دماغی امراض، ٹانگوں میں درد، جسمانی کمزوری کے علاوہ ہر طرح کے مہلک اور خطرناک امراض سے نجات اور شفاء یابی کیلئے یہ لوح مبارکہ مجرب ہے۔اور تحفہ ہے میری طرف سے بیمار لوگوں کے لیے تاکہ صحت یابی حاصل ہو اور محتاجی سے بچ سکیں۔

ترکیب استعمال طریقہ یہ ہے کہ علیحدہ پاک وصاف کمرہ میں خوشبودار اگر بتیاں روشن کریں۔پھر سفید کاغذ پر زعفران وعرق گلاب سے تین عدد لوح خاص شفائے امراض تیار کرکے درج ذیل آیات شفاء 110 مرتبہ اول وآخر 110-110 مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر دم کردیں۔نیاز ساتھ پہلے سے پڑی ہو اور بعد عمل بچوں میں بانٹ دیں۔لیکن یہ تمام کام شروع کرنے سے پہلے دو رکعت نفل حاجت کے پڑھیں۔اس طرح سات یوم کریں۔ایک اپنے پاس رکھ لیں۔دوسری لوح مبارکہ پانی میں ڈال کر روزانہ پیتے رہیں، جب ختم ہوجائے تو تیسری بھی پانی میں ڈال کر استعمال کریں۔ان شاء اللہ جلد از جلد شفاء نصیب ہوگی۔فیض اٹھانے والوں کو چاہیے کہ میرے حق میں دعائے خیر ضرور کریں۔اگر خود مکمل لوازمات سے تیار نہ کرسکیں، تو ادارہ دار العمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ سے یا پھر مجھ سے رابطہ کرلیں۔آیات شفاء یہ ہیں:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ يَخْرُجُ مِنْ بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَّشِفَاءٌ یا سلام یا شافی یا کافی یا کریم یا حافظ یا حفیظ برحمتك یا ارحم الراحمین فلاں بن فلاں کو شفاء دے بحق یا مغیث، یا وہاب

لوح خاص شفائے امراض

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ شافی قل هو للذین امنوا هدی وشفاء	اللہ شافی ویشف صدور قوم مؤمنین	اللہ شافی یا حافظ یا حفیظ برحمتک یا ارحم الراحمین
اللہ شافی یا سلام یا شافی یا کافی یا کریم	اللہ شافی واذا مرضت فهو یشفین	اللہ شافی وننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمؤمنین
اللہ شافی شفاء لما فی الصدور وهدی ورحمة للمؤمنین	اللہ شافی فلاں بن فلاں کو شفاء دے بحق یا مغیث یا وہاب	اللہ شافی یخرج من بطونها شراب مختلف الوانه فیه شفاء

وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

روحانی علاج برائے ہیپاٹائٹس

حکیم فقیر صوفی عبدالرؤف نظامی قادری (رینالہ خورد)

بغیر دوا کے شفاء حکمت کے خلاف ہے

روایت ہے کہ ایک دفعہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بیمار ہوئے تو بنی اسرائیل نے علاج کروانے کا مشورہ دیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا کہ ''شفاء دینے والا تو خدا ہے۔'' اس پر وحی آگئی ''اے موسیٰ (علیہ السلام)! میری عزت وجلال کی قسم، میں اس وقت تک آپ (علیہ السلام) کو صحت دینے والا نہیں جب تک آپ (علیہ السلام) علاج نہیں کروائیں گے۔ میں شفاء دینے پر قادر تو ہوں مگر یہ بات حکمت کے خلاف ہے۔''

موجودہ دور میں جدید ترین میڈیکل سائنس میں ہیپاٹائٹس (کالا یرقان) اور دیگر امراض کا تسلی بخش علاج تاحال دریافت نہیں ہوسکا ہے۔ مگر الحمدللہ کہ رب کریم کا احسان عظیم ہے کہ شافی مطلق نے اس مرض کا 100 فیصد علاج کا علم بھی ابتداء انسانیت میں اپنے برگزیدہ بندوں کو عطاء کیا ہے۔ یہ علاج اور عمل شہید علامہ صاحب کی تصنیفِ لطیف ''طلسمات رفیق'' کے صفحہ نمبر ۱۷۹-۱۸۵ پر تحریر ہے مگر مذکورہ مرض کے علاج کا ذکر اور دیگر ضروری نکات غالباً مصلحتاً بیان نہیں ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اذو اذھیا ذو۔یا اھو اذغیا ھو۔یا اتو اذ تیاتوا۔ یا اصو اذصیا صوا۔یا اقو اذقیاقوا۔اللھم رب الناس اذھب الباس واشف ھذا لمریض وانت الشافی وعاف فانت المعافی فانہ لا شفاء لک لا یغادر سقمًا ولا المًا بحولک وقوتِک یا لطیف یا خبیرانک علی کل شیء قدیر وصلی اللہ علی محمد و الہ وسلم تسلیماً کثیراً یا اذوھا ھیاشا۔ یا اھوذا غیاشا۔ یاانوھا تیاشا۔یا اصوذا صیاشا۔یا اقوھا قیاشا۔اذوھیا اھو شیا اتوقیا اصوھیا اقوسوھیا۔

طریقہ علاج و تفصیلات

حتبہ الملوک یعنی جمال گوٹہ کے دانوں کو حسب ضرورت لے کر خوب پیس کر مواد تیار کریں اور مشک وزعفران کو پیس کر اس مواد کے ساتھ شامل کر کے عرقِ گلاب میں حل کر کے سیاہی بنائیں اور کسی نیک ساعت میں طلسم کو بغیر لکیر والے سفید کاغذ کے سات (۷) ٹکڑوں پر درود پاک ورد کرتے ہوئے انار یا زیتون یا انجیر یا کھجور کے قلم سے لکھیں اور مناسب بخور (لوبان، زعفران، وغیرہ) دے کر خشک کریں۔ چونکہ اکثر موقعوں پر جسمانی مرض کے ساتھ غلیظ جادو (تنتر) کا عمل دخل بھی ہوتا ہے۔لہٰذا یہ عین ضروری ہے کہ حفظ ماتقدم کے طور آیت شفاء اور آیت ردِ سحر کو بھی صرف سادہ (مشک وزعفران وعرق گلاب کی سیاہی سے) کاغذ کے تین 3 ٹکڑوں پر تحریر کر کے سات سات دن پینا، اس علاج کو یقینی بنا دیتا ہے۔

طریقہ استعمال

شام کو ایک عدد حتبہ الملوک والی طلسم کسی چینی کی طشتری یا مٹی کے برتن میں پھیلا کر ایک گلاس پاک وصاف پانی میں تھوڑے سے عرق گلاب کے ہمراہ بھگو کر رکھیں۔اور مریض کو ناشتے سے قبل اگلی صبح پینے کی ہدایت کریں اور آدھے گھنٹے بعد تازہ پھل یا جوس (یا رات کو بھگوتے ہوئے خشک پھلوں کا جوس)، سبزی اور روٹی کے ساتھ ناشتہ کریں۔اسی طرح ہر دوسرے دن ایک طلسم مذکورہ کو بھگو کر تیسرے دن صبح سویرے ناشتے سے قبل پی لیں۔اگر تیسرے روز پینے میں دقت محسوس ہو تو تیسرے روز بھگو کر چوتھے روز پینے کی ہدایت کریں۔ کیونکہ اس طلسم کی تاثیر سے پیٹ میں گڑگڑاہٹ، جلاب کا آنا، شدید سستی اور متلی ہوتی ہے۔ چنانچہ یہ ضروری ہے کہ مریض کو علاج کے آغاز میں یہ سب بتا دیں۔ایسی صورت میں مریض کو بتا دیں کہ ٹھنڈی لسی جس سے مکھن علیحدہ کیا گیا ہو، ایک یا دو گلاس پی لیں۔

پرہیز

یہ ضروری ہے کہ مریض ۴۵ روز تک بڑا گوشت نہ کھائے، ہمبستری سے پرہیز کرے (کوئی بھی جنسی فعل)، موت وپیدائش کے گھروں میں جانا اور

دوسروں کے سہارے زندگی بسر کرنا قرآن کی رو سے کافری ہے

وہاں کھانا بھی ممنوع ہے۔ تیز دال مسور، چنا، لوبیا، اچار، مرچ مصالحے اور تیل میں تلی ہوئی غذائیں بالکل مت کھائیں۔ صرف ایسی خوراک استعمال کریں جس میں پانی پایا جاتا ہے۔ مثلاً کدو، شلجم، گاجر، ٹنڈے، مربہ گاجر، مربہ سیب اور گنے کا رس نمک ڈال کر۔ 40دن کے بعد مریض اپنا خون ٹیسٹ کرائے تو ان شاء اللہ تمام مرض (وائرس) یکسر ختم ہوگا۔ بصورت دیگر مرض کے زیادہ پرانے ہونے کی صورت میں اس مرض کے وائرس بے حد کم ہونگے۔ ایسی صورت میں ایک ماہ کے وقفے کے بعد یہی کورس (عمل) کو دوبارہ کروائیں تو یقینی طور پر شفاء کاملہ نصیب ہوگی۔

دعاء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

أَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ وَلَا يَكْشِفُ الْكَرْبَ غَيْرُكَ

ترجمہ: ''بیماری دور فرما کہ تو ہمارا رب ہے اور تیرے سوا تکلیف سے شفاء دینے والا اور کوئی نہیں ہے۔''

لاعلاج مرض کا علاج

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْأَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَلْبِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِي الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَبْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْقُبُوْرِ

حضرت شیخ شہاب الدین ارسلان رحمہ اللہ کو بعض صلحاء نے خواب میں دیکھ کر اپنے مرض کی شکایت کی تو انہوں نے فرمایا۔ ''تریاق مجرب سے کیوں غافل ہو۔ یہ درود پڑھا کرو۔''

جسمانی امراض کا روحانی علاج

صوفی محمد ارشد قریشی (ملتان)

درج ذیل شیڈول میں جسمانی بیماری کا نام اور اس سے متعلقہ اسم الٰہی کے اعداد بطور علاج درج ہیں۔ اس کا طریقۂ علاج یہ ہے کہ کسی بھی پین، مارکر یا بال پوائنٹ سے مریض کی دائیں کلائی پر صرف بسم اللہ الرحمن الرحیم مکمل پڑھ کر مطلوبہ اعداد لکھ دیں۔ ٹھیک آدھ گھنٹہ میں ان شاء اللہ مریض ٹھیک ہو جائے گا۔

بعد از شفاء بندہ ناچیز ایم اے قریشی اور ''خزینۂ روحانیات'' کی پوری ٹیم کیلئے پر خلوص دعا کریں جن کی بدولت آپ کو ایسے نایاب عملیات نصیب ہوتے ہیں۔

تفصیل امراض	مطلوبہ اسم الٰہی (علاج)
۱ گلے میں ہر قسم کے درد ختم کرنے کیلئے	812-212-66-4......
۲ مچھر کے کاٹنے کیلئے	812-212-66-5......
۳ آگ یا پانی سے جلنا	812-212-66-6......
۴ ہوائی جہاز یا بس میں الٹی ہونا	812-212-66-7......
۵ لو بلڈ پریشر کنٹرول کرنے کیلئے	812-212-66-12......
۶ ہائی بلڈ پریشر کنٹرول کرنے کیلئے	812-212-66-13 ......
۷ یرقان (پیلیا) ختم کرنے کیلئے	812-212-66-14......
۸ سردی سے بچاؤ کیلئے	812-212-66-24......
۹ فالج کا علاج	812-212-66-26......
۱۰ شوگر کنٹرول کرنے کیلئے	812-212-66-30......
۱۱ صدمہ یا خوف سے تکلیف ہونا	812-212-66-32......
۲۱ گھٹنوں وجوڑوں کی سوجن	812-212-66-33......
۳۱ بواسیر (خونی، بادی) ختم کرنے کیلئے	812-212-66-34......
۴۱ چہرے کی پھنسیاں ختم کرنے کیلئے	812-212-66-36......
۵۱ زہریلی گیس، سوجن کیلئے	812-212-66-35......

دنیا کی ہر چیز کا تریاق خود اسی میں مضمر ہے لیکن عورت، عورت کو شکست نہیں دے سکتی

ہر طرح کی شرور و بیماریوں سے حفاظت کا انتہائی مجرب عمل

محمد عارف

جس طرح ہر مصیبت و پریشانی سے حفاظت ضروری ہے، اسی طرح بیماریوں سے بھی حفاظت بہت ضروری ہے۔ آج کل ہر طرف شیطانی اثرات بصورت شیاطین وجادو پھیلے ہوئے ہیں۔ بیماریوں کی ایک بڑی وجہ یہی اثرات بھی ہیں۔ اس لئے ضروری ہے کہ اپنی حفاظت کی حتی الامکان کوشش کی جائے۔

1 ...آیت الکرسی کے ساتھ یہ آیات لکھ کر پاس رکھیں۔ ان شاء اللہ ہر طرح کے شر اور بیماری سے محفوظ رہیں گے۔

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿سُوْرَةُ يُوْسُف: ۶۴﴾

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ؕ ﴿سُوْرَةُ الْاَنْعَام: ۶۱﴾

اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿سُوْرَةُ هُوْد: ۵۷﴾

وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ﴿سُوْرَةُ الْاَنْبِيَاء: ۸۲﴾

وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿سبا: ۲۱﴾

وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ﴿سُوْرَةُ قٓ: ۴﴾

لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ﴿سُوْرَةُ قٓ: ۳۲﴾

وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ﴿سُوْرَةُ الْاِنْفِطَار: ۱۰﴾

وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ﴿سُوْرَةُ الصّٰفّٰت: ۷﴾

وَحِفْظًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَة: ۱۲﴾

وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿سُوْرَةُ الْحِجْر: ۱۷﴾

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿سُوْرَةُ الْحِجْر: ۹﴾

لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ ﴿سُوْرَةُ الرَّعْد: ۱۱﴾

حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ ۫ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿سُوْرَةُ الشُّوْرٰى: ۶﴾

اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ؕ ﴿سُوْرَةُ الطَّارِق: ۴﴾

بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۙ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿سُوْرَةُ الْبُرُوْج: ۲۱-۲۲﴾

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۫ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿سُوْرَةُ التَّوْبَة: ۱۲۹﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۬ۙ الْخَنَّاسِ ۪ۙ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

اس تعویز کو لکھتے وقت خوشبو جلائیں۔ خود بھی لگائیں۔ بہتر ہے کہ مشک وزعفران سے لکھیں ورنہ زعفرانی سیاہی سے لکھیں۔ سارا عمل تین بار پڑھ کر لکھے گئے تعویز پر دم کر کے مریض یا سائل کو دے دیں۔ دم صرف اس وقت کرنا ہے جب سائل کو دینا ہو۔ جو نہ لکھ سکیں، وہ ادارے سے منگوالیں۔

ہر بیماری کا روحانی علاج

مولانا نصرت اللہ چشتی (کبیروالا)

پہلے درود ابراہیمی 1 بار۔ پھر سورۃ فاتحہ مکمل 1 بار۔ سورۃ البقرہ کا پہلا رکوع 1 بار۔ آیت الکرسی مع رکوع آگے ختم ہونے تک 1 بار۔ سورۃ البقرہ کا آخری رکوع 1 بار۔ سورۃ یٰسین مکمل 1 بار۔ سورۃ الطارق 1 بار۔ چاروں قل 3-3 بار۔ آخر میں پھر درود ابراہیمی 1 بار پڑھ کر پانی پہ دم کر کے تازہ پانی میں مکس کر کے پینا ہے۔ 1 ماہ تک یا آرام آنے تک۔ بڑا مجرب عمل ہے۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔

بڑھاپا کیسے دور کریں؟

ہومیو ڈاکٹر اُمِ نافع

بڑھاپا کیا ہے؟

بڑھاپا جسم میں ہونے والا قدرتی عمل ہے۔لبی عمر بسر کرنے کے بعد جلد پر جھریاں پڑنا، جلد پر خشکی آنا، جوڑوں کا کمزور ہونا، اکڑن اور سختی آنا، کمر جھکنا، دانت گرنا، بال سفید ہونا، آنکھوں کی روشنی کم ہونا، گھٹنوں کا درد، پیشاب پر کنٹرول نہ ہونا، ناڑیوں میں چربی (کولیسٹرول) جمنا، پروسٹیٹ گلینڈ کا بڑھنا، جسم میں کھار کی زیادتی ہونا وغیرہ بڑھاپا ہے۔

ہمارے جسم میں تیزابیت (Acidity)، زہریلا مواد (Toxic Matter) جمع ہو جاتا ہے۔یہ صحت کے دشمن ہیں اور جسم میں بیماریوں کو پیدا کرتے ہیں۔جسم میں کھار کی زیادتی سے مسوڑھے پھولتے ہیں۔زبان پر کانٹے سے ہوتے ہیں۔زبان سفید رہنا، دانتوں سے پیپ خون آنا وغیرہ جسم میں زیادہ میل یا کھار موجود ہونے سے ہوتے ہیں۔ہماری ناڑیاں سکڑنے لگتی ہیں، جسم کی سرگرمی کم ہونے لگتی ہے، خون کم بنتا ہے۔اس سے بڑھاپا آتا ہے۔

کولیسٹرول (Cholestrol)

کولیسٹرول ایک چونے جیسا عنصر ہے جو خون کی نالیوں میں جم کر اعضاء میں کڑاپن، جکڑن، کمزوری وغیرہ پیدا کرتا ہے۔ہمارے جسم میں پھرتی ختم ہو جاتی ہے۔اس کو دور کرنے کا علاج ہے روزانہ ورزش، یوگ آسن، مالش۔جسم کو تولیے سے رگڑ رگڑ کر غسل کیا گیا ہو تو بڑھاپا بوجھ کی صورت میں جسم کو تکلیف نہیں دے گا بلکہ سکھ سے بیتے گا۔

بڑھاپے کا ہڈیوں پر اثر

ہڈیوں کے جوڑ خاص قسم کے ہوتے ہیں۔ان جوڑوں پر کارٹیلیز پر سفید ملائم پرت چڑھتی ہوتی ہے اور درمیان میں سینووائل نامی رقیق ہوتا ہے، جو مشینوں میں مستعمل بریکیٹ کی طرح کام کرتا ہے۔ہڈیوں کی باقاعدہ رگڑ ہوتی ہے۔جس سے کارٹیلیز گھس جاتی ہے اور سینووائل کی مقدار کم ہو جاتی ہے، یہ پتلا ہو جاتا ہے۔اس کا موازنہ پرانی مشین اور خراب بریکیٹ سے کیا جا سکتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ اس حالت میں رات کے وقت ہڈیوں میں سرگرمی نہ ہونے کے باعث صبح کے وقت ہڈیاں جام ہو جاتی ہیں۔زیادہ چلنے پھرنے سے جوڑوں میں درد ہوتا ہے، کندھے اور کمر کی ہڈی کے جوڑ زیادہ متاثر ہوتے ہیں، ان میں درد ہوتا ہے اور کمر جھک جاتی ہے۔

بچاؤ

بڑھاپے میں ہونے والی ہڈیوں کے درد، آنکھوں کی نظر کی کمزوری سے محفوظ رہنے کے لئے مقوی غذا، باقاعدہ ورزش اور جسم کو چوٹ لگنے سے بچاؤ کے لئے خبردار رہنا چاہئے۔ہڈیاں پروٹین اور کیلشیم سے بنتی ہیں۔اس لئے غذا میں پروٹین، کیلشیم اور وٹامن ''ڈی'' کو ضرور شامل کیا جانا چاہئے۔

بڑھاپا دور کرنے کے طریقے

بڑھاپے کو سکھ، سکون سے بسر کرنے کے کئی طریقے ہیں جن کی پابندی کر کے بڑھاپا دور کیا جا سکتا ہے۔باقاعدہ ورزش، متوازن غذا اور کم سے کم دوائیوں کے استعمال کے ذریعے بڑھاپا دور کیا جا سکتا ہے۔

باقاعدہ ورزش

بڑھاپا دور کرنے کا سب سے اہم کام ہے، سورج طلوع ہونے سے پہلے اٹھنا اور ورزش کرنا، باقاعدہ سیر کرنا، تازی ہوا اور دھوپ استعمال کرنا۔تھکان ورزش کی کمی سے آتی ہے۔

فاقہ

فاقے سے عمر میں اضافہ ہوتا ہے۔جسم صاف رہتا ہے۔کئی بیماریاں ٹھیک ہو جاتی ہیں۔فاقہ خوشی سے کریں۔کھانے نہ ملنے سے بھوکے رہنا فاقہ نہیں ہوتا۔لگاتار فاقہ نہ کریں۔فاقہ میں پھل، دودھ، پانی لیں۔پانی میں لیموں نچوڑ کر اسے پھیکا ہی بار بار پئیں۔سات دن میں ایک دن فاقہ کرنے سے بیماری نہیں آتی، جسم تندرست رہتا ہے۔

غذا

کچی سبزیاں اور پھل کھائیں۔ بڑھاپا جسم کی خرابیوں کے جمع ہونے سے آتا ہے۔ پھل ان جمع شدہ خرابیوں کو دھو کر باہر نکال دیتے ہیں اور نئے خلیوں سے جسم کی تعمیر کرتے ہیں۔ ایک دو ماہ صرف پھلوں پر گزارہ کرنے کا نتیجہ اچھا ہوتا ہے۔ ہر برس ایک ماہ صرف موسمی پھلوں کا استعمال کرکے گزارہ کریں۔ پھلوں سے بڑھاپے کا تدارک ہوتا ہے۔ پھلوں کے استعمال سے جسم کے کھار، میل اور گندے عناصر باہر نکل جاتے ہیں۔

زیادہ اور بھاری کھانا کھانے سے طاقت نہیں آتی۔ شدید بھوک لگنے پر جیسا ملے، ویسا ہی تھوڑی مقدار میں کھانے سے طاقت آتی ہے۔ صحت اور طویل عمر کا دشمن ہے "زیادہ کھانا"۔ زیادہ کھانے سے بدہضمی ہوتی ہے، موٹاپا بڑھتا ہے۔ سارے جسم کے ریشے زہریلے ہوجاتے ہیں۔ دل، گردے، جگر پر بہت زیادہ تناؤ پڑتا ہے۔ اس لئے تندرست رہنے کے لئے تھوڑا بھوکا رہنا چاہئے۔

جسم دبلا پتلا رکھیں، موٹاپا نہ بڑھنے دیں۔ تمباکو کا استعمال نہ کریں۔ شراب، منشیات کا استعمال نہ کریں۔ ہلکا کھانا تھوڑی مقدار میں کھائیں۔ چھاچھ پینا صحت مند رہنے کے لئے اچھا ہے۔

تندرست جسم، تندرست دل اور تندرست عقل خدا کا انعام ہے جو خدا پر یقین کرنے، قدرت کے اصولوں کی پابندی کرنے سے ملتا ہے۔

صبح ورزش کے بعد کچا دودھ بغیر چینی ملائے، تین کیلے، چار کھجور اور تھوڑا سا ناریل کھانے سے وہ ذائقے دار معلوم ہوتا ہے۔ ناریل سے جسم کو مکمل چکنائی مل جاتی ہے۔ اس سے پیٹ بھی صاف رہتا ہے۔ کھجور خون بڑھاتی ہے۔ کیلے اور دودھ لینے سے یہ ایک مکمل متوازن غذا بن جاتی ہے۔ دوپہر کو ساٹھ گرام آٹے کی روٹی، چاول، سبزی، موسم کے مطابق ملنے والی کچی ترکاریاں وغیرہ لیں۔ گنے کے موسم میں گنے کا رس پئیں، گنا چوسیں۔ شام کو دودھ اور موسمی پھل جیسے آم، پپیتہ، ناشپاتی، خربوزہ، سیب وغیرہ لیں۔ چالیس سال سے زیادہ عمر والوں کو شام کو دودھ، پھل ہی لینا چاہئے۔ جو لوگ شام کو دودھ پھل لیتے ہیں، وہ اس کے فوائد جانتے ہیں۔ اس طرح کی غذا جسم کو تندرست رکھتی ہے، بیمار نہیں ہونے دیتی۔

کان میں تیل

سوتے وقت روزانہ دو بوند سرسوں کا تیل کان میں ڈال کر سوئیں۔ اس سے بڑھاپے کی علامات جلد معلوم نہیں ہوں گی۔ اس سے کان، دانت اور نظر کی قوت بھی ٹھیک رہے گی۔

دواؤں سے بچیں

دوا بیماری کو جڑ سے ختم نہیں کرتی۔ بیماری دوا کی وجہ سے نہیں، قوت مدافعت کی وجہ سے دور ہوتی ہے۔ جو لوگ غذا کے اصولوں کی پابندی کرتے ہیں، انہیں دوا کی ضرورت نہیں ہوتی۔

جینے کی خواہش

